مدینۃ اولیاء ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روحانی جریدہ

مئی 2017

تحفہ روحانیات

روحانی ماہنامہ

خاص اعمال و طلسمات حضیض عطارد

شریک حیات کا انتخاب کریں

کالے جادو کا خاتمہ

کمالات سورۃ توحید

مجرب حاضرات

کالے علم کا توڑ

فضائل شعبان

قیمت 60 روپے

چیف ایڈیٹر و بانی ادارہ روحانیات

محمد ایاز مزمل حسین شاہ

عملیات پر صدیوں پرانی

نایاب ونادر قلمی بیاضیں

برائے مہربانی کتاب وی پی پی کرنے پر اصرار نہ کریں۔ڈاک خرچ 50 روپے علیحدہ ہوگا

نام کتاب	تعارف
مجموعہ علم جفر، نجوم، عملیات (فارسی) 800 روپے	علم نجوم کے نقطۂ بزرگوں کا نایاب تحفہ، قلمی کا عکس
مراۃ النجوم 700 روپے	حکیم غلام قادر کی مشہور زمانہ نایاب کتاب لاہور
لگن آفتاب (حصہ اول) 550 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی کی ہندی نجوم پر قدیمی کتاب لاہور طبع قدیم
لطیف النجوم 600 روپے	نجوم پر ایک مکمل کتاب حیدر آباد دکن 1939ء
علم نجوم اور علم عجیبہ 700 روپے	قسمت کا حال بھاگیا چکر، طلسمات، قلمی کا عکس
ستاروں کی تاثیر 600 روپے	کلی نمبرز کے کلیہ جات، علم نجوم کے بحیثیت، 1355ء
سراج الزیل (فارسی) 650 روپے	نجوم پر ایک نایاب کتاب، کانپور 1908ء
خلاصۃ النجوم 650 روپے	ہندی نجوم کے قاعدے، گرہ لگن پنچھتر وغیرہ، لکھنو 1915ء
جوتش سار مالا 700 روپے	پنڈت کرشن کمار کتھلی کی نایاب تخلیق، امرتسر
جوتش کا قاعدہ 600 روپے	پنڈت رگھناتھ داس جوتشی، قواعد جوتش لاہور،
پرشن آفتاب 660 روپے	پنڈت دیوی دیا جوتشی، سوال کا جواب جوتش سے لاہور مطبوعہ قدیم
انتخاب النجوم 560 روپے	ماہنامہ برائے اودھی، علم نجوم پر قابل تعریف محنت، کانپور
آسان جوتش باتصویر 650 روپے	بخشی وبیت پر کاش شبھ اور اشبھ مہورت نکالنا، کیاب
ابجد النجوم 650 روپے	سید ابوالحسن کی ایک قابل تعریف کاوش، لاہور

نام کتاب	تعارف
النجوم 800 روپے	نہ بھلانے والی تحقیق، نجوم کی مکمل تعریف، قلمی کا عکس
کوک شاستر 1200 روپے	شاستروں پر تحریر کردہ راز کا خزانہ
عملیات قریشی 650 روپے	مجرب اعمال جن کی تلاش رہتی ہے (ڈاکٹر محمد ابراہیم)
طلسمات منازل قمر 650 روپے	قمری منازل کے طلسمات محمد عبداللہ، لکھنو چوک
بیاض عملیات 800 روپے	ذاتی مجربات علامہ شاد گیلانی
علاج مقناطیس 1300 روپے	ایسی قوتوں سے علاج کرنا جو انسان کے اندر پوشیدہ ہوں
ٹیلی پیتھی (حصہ اول) 600 روپے	پوشیدہ قوتوں کو بروئے کار لاکر کامیاب زندگی گزارنا
ٹیلی پیتھی سیکھیے 1100 روپے	ارتکاز توجہ اور یکسوئی کی آسان مشقیں
گلزار تعویزات 750 روپے	تعویزات کی ایسی کتاب جس میں آسان عملیات
سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل 650 روپے	ہر آیت سے متعلق مختصر اعمال
عملیات کلام پاک 650 روپے	قرآن پاک سے مختلف بیماریاں، مشکلات کا حل (ثناء اللہ قادری چشتی)
عملیات فاروقی 650 روپے	مولانا بشیر احمد کی نہ بھولنے والی کاوش
اعمال قرآنی 700 روپے	قرآنی اعمال پر منتخب کتاب
محفل حاضرات 1050 روپے	حاضرات کے مختلف طریقے اور ان کے قواعد

نام کتاب	تعارف
مفتاح الحاجات 1050 روپے	نادر عملیات کا خزانہ
جامع الاسرار 600 روپے	وہ اعمال جن کی اکثر تلاش رہتی ہے
تحفہ مشکل کشاء 650 روپے	روزمرہ زندگی میں پیش آنے والی مشکلات کا اُنکا حل
علاج بذریعہ جنتر منتر 570 روپے	پیچیدہ امراض اور مسائل کا حل، تحریر:۔بی آر ورما
حب سربستہ راز 650 روپے	حصول محبوب کے نایاب اور مجرب اعمال
ذخیرہ سکندر ذوالقرنین 670 روپے	طلسمات اور عملیات پر قدیمی کتاب
چشمہ طلسم 700 روپے	طلسمات کا خزانہ جس کے بعد کسی اور کی ضرورت نہیں
صبح کا ستارہ 600 روپے	قرانی فالنامہ و قرآنی عملیات
عمل تسخیر نظر 700 روپے	عملیات، مسخرات خاص و عام پر مشتمل کتاب
صحیفۃ الانوار 450 روپے	خاص عملیات کا مجموعہ
تاثیرات اجتماع سیارگان 750 روپے	نجوم پر تحریر ہونے والی قدیمی کتب 1921ء
عملیات مقطعات 650 روپے	حروف مقطعات پر لکھی جانے والی جامع کتاب
عزیز الخلائق 550 روپے	زندگی میں مجرب مسخرات کا ایک ہی عمل کافی ہوتا ہے یہ عملیات کا خزانہ ہے
مجربات سلیمانی 700 روپے	مشہور تعویزات ونقوش انتہائی آسان اور پُر تاثیر

غار حراء کے اس در و دیوار کے نام جہاں محمد ﷺ کی خوشبو ابھی تک رچی بسی ہے

ان اللہ علی کل شئ قدیر

ادارہ روحانیات کا انقلابی قدم

روحانی ماہنامہ

خزینہ روحانیات

جلد نمبر 12 | مئی 2017ء | شمارہ نمبر 11

مجلس مشاورت

سید عارف معین بلے ایکسپریس نیوز چینل
ریذیڈنٹ ایڈیٹر (روزنامہ ایکسپریس) ڈائریکٹر عابد کمالوی محکمہ تعلقات عامہ

ملک نسیم رضا ڈائریکٹر ایف آئی اے (ر)۔ بابا صدف انبالوی، منظور علی سموں، ماسٹر شوکت علی بروہی
علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی، زوار حکیم محمد ابصار حیدر، حکیم خضر عباس پیاسی، سبط حسن جعفری

بانی ادارہ روحانیات و چیف ایڈیٹر

ماہر روحانیات

شہزادہ محمد ایاز مزمل حسین شاہ سہارنپوری

سب ایڈیٹر	محمد نبیل مزمل۔ سید عابد حسین شاہ
معاونین	ملک ذوالفقار علی اعوان، سید شبیہہ الحسنین رضوی
پروف ریڈر	سید آل محمد، حنیف یاسر
سرکولیشن منیجر	رضوان علی رضوی 0300-6368746
کمپوزنگ گرافکس	محمد مصباح العالم، محمد علی قریشی۔

لیگل ایڈوائزر

محمد فیاض حسین (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)
مس شاہدہ وزیر (ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ملتان)

ترتیب مضامین

مضمون	صفحہ نمبر	مضمون	صفحہ نمبر
فضائل شعبان	3	کام کی مدت معلوم کریں	22
خاص اعمال شعبان	4	کرامات و برکات اسم الٰہی	24
معجزات نبی کریمؐ	6	بسم اللہ شریف کے خواص	26
جنات کی روحانی واردات	8	مجرب استخارے	28
ستاروں کی چال وظیفے کا کمال	10	سبزیوں کی افادیت	30
کالے جادو کا خاتمہ	11	طب شفا	32
اعمال وطلسمات حضیض عطارد	12	یہ ماہ کیسا رہیگا؟	33
شریک حیات کا انتخاب کریں	15	کامیاب نتائج حکومتی پرائز بانڈ	39
مجرب حاضرات	16	روزانہ کے لکی نمبر	40
کالے علم ہانڈی والے عمل کا توڑ	17	مئی کے لکی نمبر	41
کمالات سورۃ توحید	18	پیغامات	44
آسان مجرب عملیات	20	آپ کی ڈاک	45
بچہ راہ راست پر آئے	21	قلمی دوستی	47

قیمت فی شمارہ 60 روپے

بیرون ممالک سالانہ خرید اری

انڈیا، ترکی، کویت، ایران، سری لنکا 3000 روپے
یورپ، فارایسٹ 4000 روپے
امریکہ، کینڈا، آسٹریلیا 5000 روپے

سالانہ ممبر شپ 720/- روپے مع ڈاک خرچ

آفس

ادارہ روحانیات

نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان کینٹ

0300-6351192

0333-6158193

ایڈیٹر، پبلشر محمد ایاز مزمل حسین شاہ نے منزل آرٹ پریس بوہڑ گیٹ، ملتان سے چھپوا کر مکتبہ روحانیہ نزد عزیز ہوٹل چوک ملتان سے جاری کیا

ملتان مابہ جنت اعلیٰ برابر است — **آھستہ پابنہ کہ ملک سجدہ می کنند**

(ترجمہ) ملتان اور جنت کی زمین دونوں برابر ہیں یہاں پر قدم آہستہ رکھو کہ فرشتوں نے اس زمین پر سجدے کئے ہیں۔

اللہ رب العزت نے موجودہ وقت میں انسانوں کے اعمال کی خرابی پر جادو اور جنات کو عذاب کی شکل میں ظاہر فرمایا ہے۔ اس کی مدافعت صرف تعویزات وغیرہ سے نہیں کی جاسکتی جب تک اعمال کی درستی کی طرف توجہ نہ کی جائے۔ (ابو محمد مصباح العلم)

☆ کلمہ استغفار" **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّی مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ** (ترجمہ) توبہ کرتا ہوں اللہ سے اپنے تمام گناہوں کی اور وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

☆ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ مُحَمَّدٍ بَعَدَدَ الْمُزَّمِّلِ وَالْخَصَائِص۔**

استغفار اور درود پاک کے علاوہ کوئی بھی وظیفہ بلا اجازت نہ پڑھیں۔

فضائل سورۃ مزمل شریف

حدیث پاک :۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ جو کوئی مصیبت کی حالت میں سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اس کی مصیبت کو دور فرمادے گا۔

حدیث پاک :۔ اسی طرح ایک اور موقع پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص سورۃ مزمل کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کی غربت و مفلسی کو دور کردے گا۔ جس مشکل کیلئے پڑھے گا وہ مشکل آسان ہوجائے گی۔

حدیث پاک :۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم نماز فجر کے بعد مسجد میں تشریف فرما تھے اور صحابہ کرامؓ آپ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر چار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو سورۃ مزمل پڑھے گا اس کو عذاب و عقوبت نہ ہوگا اور اس کے گناہ معاف کئے جائینگے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ روایت حضرت شیخ فریدالدین گنج شکرؒ سے منقول ہے کہ:

اگر جو شخص قبر پر ایک بار سورۃ مزمل پڑھے گا تو 300 برس تک صاحب قبر عذاب قبر سے دور ہوگا اور اگر 3 بار کوئی شخص صاحب قبر کے لئے سورۃ مزمل پڑھے گا تو قیامت تک عذاب قبر اس صاحب قبر پر نہ ہوگا۔

آنحضرت نے فرمایا جو شخص سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے گا اس کو دنیا و آخرت میں رنج نہ ہوگا۔

حدیث مبارکہ

احکام نقوش و الواح

حضرت ابی خزامہؓ نے اپنے والد محترم سے روایت کی کہ انہوں نے فرمایا "میں نے حضرت محمد ﷺ سے دریافت کیا کہ یہ دعا اور تعویز (نقوش اور الواح) جسے ہم اپنی بیماریوں کے سلسلے میں کرتے ہیں اور یہ دوائیں جو ہم اپنے مرض کو دور کرنے کیلئے کرتے ہیں اور یہ احتیاطی تدابیر (وظائف، نقوش اور الواح) جو ہم مشکلوں اور دکھوں سے بچنے کیلئے تیار کرتے ہیں۔ کیا یہ اللہ کی تقدیر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ سب چیزیں بھی تو اللہ کی تقدیر میں سے ہیں۔

شعبان، زکات سورۃ مزمل

شعبان المبارک رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ ہے اس ماہ اللہ کی طرف سے بے شمار تحائف بھیجے گئے ہیں رمضان المبارک آئندہ مہینہ ہے جو کہ رحمتوں اور برکتوں والا ہے اس ماہ میں بھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے خصوصی رحمت نازل ہوتی ہے 15 شعبان شب برات ہے اس رات زکات سورۃ مزمل کی ادائیگی نہایت پُر اثر ہے۔ شعبان کے نفلی روزے اس ماہ رکھنا نہایت روحانی اثرات ظاہر کرتا ہے۔ شعبان المبارک میں سورۃ مزمل کی زکات ادا کرنے کیلئے اس رات کو سورۃ مزمل 117 بار پڑھی جائیگی نیت 1 سال زکات کی ادائیگی کی رکھی جائے۔ اور ل و آخر درود مزمل 117 بار پڑھا جائیگا۔

منجانب:۔ ادارہ

کسی بھی شہر میں رسالہ نہ ملنے کی صورت میں اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 0300-6368746

فضائل شعبان

تحریر:۔صوفی خوشنود احمد نقشبندی مجددی، کشمیر پوائنٹ (کوہ مری)

چار شعبان کا مہینہ ایک بابرکت مہینہ ہے، جس کی فضیلت کے حوالے سے بے شمار احادیث منقول ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رجب اور رمضان کے درمیان ایک مہینہ ہے لوگ اس کی شان سے غافل ہیں۔ اس میں بندوں کے اعمال اُٹھائے جاتے ہیں اور مجھے یہ محبوب ہے کہ میرے اعمال اِس حال میں اُٹھائے جائیں کہ میں روزے دار ہوں۔ شعبان کا تمام مہینہ برکتوں اور سعادتوں کا مجموعہ ہے۔ خصوصاً اس کی پندرہویں رات جس کو شب برأت اور لیلۃ مبارکہ کہتے ہیں۔ یہ باقی شعبان کی راتوں بلکہ سال کی اکثر راتوں سے افضل ہے۔ خود خالق دو جہاں اِس رات کی تعریف قرآن مجید میں اس طرح فرماتا ہے۔

''قسم ہے اس روشن کتاب کی، ہم نے اسے برکت والی رات میں اتارا، بے شک، ہم ڈر سنانے والے ہیں۔ اس میں بانٹ دیا جاتا ہے ہر حکمت والا، ہمارے حکم سے، بے شک، ہم بھیجنے والے ہیں تمہارے رب کی طرف سے رحمت، بے شک، وہ سنتا ہے، جانتا ہے''۔

لیلہ مبارکہ سے مراد شب قدر ہے اور یہی اکثر مفسرین کی رائے ہے۔ اس مبارک رات میں ہر شخص کا رزق لکھ دیا جاتا ہے کہ اس سال اسے کتنا ملے گا اور کتنا استعمال کریگا۔ اسی طرح موت بھی لکھ دی جاتی ہے کہ فلاں شخص اتنی مدت تک زندہ رہیگا۔ جو کام آئندہ سال ہونے والا ہوتا ہے سب کچھ لکھ دیا جاتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ شعبان کی پندرہویں شب میں خدائے ذوالجلال آسمانِ دنیا پر نزول اجلال فرماتا ہے۔ یعنی اس کی رحمت نازل ہوتی ہے اور کارکنان غیبی اللہ تعالیٰ کے سامنے سال بھر کے اعمال نامے پیش کرتے ہیں۔ بار بار ندا ہوتی ہے، خبردار ہے، کوئی مغفرت مانگنے والا کہ میں اس کے گناہوں کو بخش دوں۔ خبردار ہے کوئی رزق مانگنے والا کہ میں اس کو رزق دوں۔ ہے کوئی کسی مصیبت میں گرفتار کہ میں اس کو معافی عطا کروں۔ ہے کوئی ایسا، یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ کتنے سعادت مند ہیں جو اس رات عبادت کرتے ہیں اور توبہ کر کے اپنے رب کو راضی کرتے ہیں۔ اور اپنے گناہوں کا بوجھ ہلکا کرتے ہیں۔ رزق حلال مانگ کر خزانہ غیب سے مالا مال ہو جاتے ہیں، بیماریوں اور مصیبتوں سے پناہ مانگ کر ان سے خلاصی حاصل کرتے ہیں۔ سیدنا حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بے شک اللہ تبارک وتعالیٰ شعبان کی پندرہویں رات (رحمت) کی تجلی فرماتا ہے۔ پس تمام مخلوق کو سوائے مشرک اور کینہ پرورش کے بخشش فرماتا ہے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ مشرک، جادوگر، کاہن، زنا پر اصرار کرنے والا، شراب پینے والا، ان کی بخشش نہیں ہوتی۔ اس سے معلوم ہوا کہ جو مسلمان کسی دوسرے مسلمان سے غیر شرعی طور پر کینہ اور عداوت رکھتا ہے اس کی مغفرت نہیں ہوتی اس لئے پہلے زمانے کے لوگ شب برأت سے پہلے ہی ایک دوسرے سے معافی مانگتے اور ان کو راضی کرتے تھے تاکہ اس رات کی رحمت و مغفرت سے بہرہ ور ہو سکیں۔

یہ مبارک رات عبادت کی ہے اس میں ہمہ تن قرآن خوانی اور نوافل میں مشغول رہنا چاہئے۔ عبادت کرنی چاہئے۔ سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب شعبان کی پندرہویں رات ہو تو اس رات میں قیام کرو اور اس کے دن میں روزہ رکھو۔

کسی شخص نے سیدنا حضرت مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ سے توبہ کا سبب دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ شراب پینے کا عادی تھا اور میری چھوٹی سی بچی تھی جو میرے سامنے ہی شراب کی بوتلوں کو اُنڈیل دیتی تھی، جب وہ دو سال کی ہوئی تو وفات پا گئی جس کی وجہ سے میرے دل پر بڑا صدمہ ہوا۔ جب شعبان کی پندرہویں رات آئی تو میں نے خواب میں دیکھا کہ قیامت قائم ہو گئی ہے اور ایک بڑا اژدھا اپنا منہ کھولے ہوئے میرے پیچھے لگ گیا، میں نے بھاگنا شروع کر دیا۔ مجھے ایک نیک بزرگ نظر آئے۔ میں نے ان سے کہا کہ مجھے اس سانپ سے بچاؤ، تو انہوں نے رو کر کہا کہ میں ضعیف و کمزور ہوں، تمہیں نہیں بچا سکتا لیکن تم آگے جاؤ، شاید اللہ تعالیٰ تمہاری نجات کا کوئی ذریعہ بنا دے۔ میں بھاگا اور ایک آگ کے پاس گیا تو آواز آئی واپس جاؤ، میں پیچھے واپس ہوا مگر سانپ میرے پیچھے لگا ہوا تھا، میں پھر اس بزرگ کے پاس سے گزرا۔ انہوں نے کہا میں کمزور ہوں، تیری مدد نہیں کر سکتا، البتہ اس پہاڑ کی طرف چلا جا، اس میں مسلمانوں کی امانتیں ہیں۔ اگر تیری بھی کوئی امانت ہوئی تو وہ تیری مدد کرے گی، جب میں پہاڑ کے قریب پہنچا تو ایک فرشتے نے آواز دی کہ دروازہ کھول دو، اس کی تمہارے پاس کوئی امانت ہو تو وہ اس کو دشمن سے پناہ دے گی، جب دروازہ کھلا تو اچانک مجھے بچی نظر آئی جس نے اپنے دائیں ہاتھ سے مجھے کڑا اور بائیں ہاتھ سے ازدھے کو دفع کیا، تو وہ سانپ بھاگ گیا۔ پھر بچی نے کہا ابا جان! کیا ابھی تک وہ وقت نہیں آیا کہ آپ توبہ کریں!۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا تو قرآن شریف جانتی ہے؟ اس نے کہا ہاں! میں نے اس سانپ کے متعلق پوچھا تو بچی نے کہا کہ وہ آپ کا عمل بد تھا اور وہ بزرگ نیک عمل تھا۔ مالک بن دینار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں گھبراتے ہوئے بیدار ہوا تو میں نے مکمل طور پر توبہ کی۔

خاص اعمال شعبان

تحریر:۔ سید طارق علی زیدی (کراچی)

نماز خواجہ اویس قرنی

نماز خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ جو حضرت علی کرم اللہ وجہ نے آپ سے سنی تھی۔ تیسری، چوتھی، پانچویں اور ایک روایت میں تیرھویں، پودھویں، پندرھویں اور ایک روایت میں تیسویں، چوبیسویں، پچیسویں کو روزہ رکھے چاشت کے وقت ہر روز غسل کرے اور بات چیت کسی سے نہ کرے زوال سے پہلے بارہ رکعتیں تین سلام سے پڑھے۔ چار رکعتوں میں فاتحہ کے بعد جو قرآن سے یاد ہو پڑھے۔ اور سلام کے بعد ستر بار **لا الہ الا اللہ الملک الحق المبینہ لیس کمثلہ شی وھوالسمیع البصیر** پڑھے دوسری چار رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد اذا جاء نصر اللہ تین تین بار اور سلام کے بعد ستر بار **انک اقوی معین و اھدی دلیل بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین** اور تیسری چار رکعتوں میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین تین بار اور سلام کے بعد ستر بار الم نشرح پڑھے۔ پھر دایاں ہاتھ سینے سے نیچے اتار کر سجدہ میں جائے جو حاجت حق تعالیٰ سے مانگے گا پوری ہوگی۔

دعائے لیلۃ القدر

پہلی جمعرات کو جو اس مہینے میں واقع ہو روزہ رکھے اور جمعہ کی شب کو شام کی نماز کے بعد چار سلام سے بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ القدر تین تین بار اور اخلاص بارہ بار جب نماز سے فارغ ہو کر سجدہ کرے اور ستر بار **سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح** پڑھے۔ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے **بسم الہ الرحمن الرحیم اللھم انی صلیت ھذہ الصلوۃ التی امرھا عبدک ورسولک وخیرک من خلقک شفیع الامۃ وکاشف الغمۃ صلی اللہ علیہ وسلم وان کنت مقصر فی اقامۃ حقائقھا غافلا عن تقدیم شرائطھا کما کما تحب وترضی ومن یستطیع من عبادک ان یعبدک ویطیعک کما ینبغی لک فاذاعترفت بتقصیری وقلۃ جھدی واقررت بضعفی وعجزی فلا تحرمنی جزآء تصدیق رسولک وتواب حسن الرغبۃ وصدق النیۃ فی سنۃ نبیک علیہ السلام لانک ذوفضل ومغفرۃ علی عبادل وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد والہ اجمعین برحمتک یاارحم الرحمین۔**

نماز شب استفتاح

اس مہینے کی پندرھویں رات ہے دس رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تیس تیس بار اور بعد نماز فراغ سو بار استغفار پڑھے ایضاً پندرھویں تاریخ کو چاشت کے بعد پچاس رکعتیں پچیس سلام سے ادا کرے۔ اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد معوذتین ایک ایک بار پڑھے پھر نماز سے فارغ ہو کر سجدہ کرے اور یہ دعا حضور دل سے پڑھے۔

اللھم لک صلیت ولک سجدت وبک امنت وعلیک توکلت فارحم ذلی وکبونی بوجھی والفزادی وخشوعی وخضوعی وتضرعی وتحیری وقفری وفاقتی واجعل لی فرجا من ھمی برحمتک یاارحم الراحمین۔

دعا و نماز شب معراج

سائیسویں تاریخ اس مہینے کی شب کو بارہ رکعتیں تین سلام سے پڑھے اور جب نماز سے فارغ ہو تو سو بار **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولاحولا ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** اور سو بار استغفار اور دو سو بار درود شریف پڑھ کر سجدہ کرے اور جناب الٰہی سے اپنی حاجت چاہئے پوری ہوگی حاجت اس کی ایضاً اسی مہینے کی آخر نماز جمعہ کے بعد

بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی تین بار پڑھے بعد فراغ ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے اور حاجت چاہے حاجت اس کی روا ہوگی۔

نماز و دعا شعبان

پہلی شب کو بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پندرہ بار پڑھے ثواب اس کا یہ ہے کہ دس ہزار نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جاتی ہیں۔ اور دس ہزار بدیاں اس کے نام سے دور کی جاتی ہیں۔

نماز و دعا شب برات

شب برات کو سو رکعتیں پچاس سلام سے پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص دس بار ایضاً حضرت خواجہ ذوالنون مصری روایت کرتے ہیں کہ شب برات کو بارہ رکعتیں پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پچاس بار عامل اس کا سو رکعتوں کا ثواب پائے گا۔ سلطان الموحدین شیخ ظہور حاجی حمید حضور قدس سرہ العزیز روایت کرتے ہیں کہ شب برات کو دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ خلاص پانچ سو بار اور معوذتین سو بار ایک سو بارہ رکعتوں کا ثواب پائے گا۔ اور ثواب معوذتین کا زیادہ ہے سلام کے بعد سجدہ کرے اور یہ دعا پڑھے۔ **سجدلك سوادی وخیالی وامن بك فوادی واقربك لسانی وهذازلنا ظاهر بین یدیك یاعظیم كل عظی ن اغفر ذنوبی العظیم فانه لا اله ان یغفرغیرك یاعظیم اللهم سجد وجهی الفانی لوجودك الباقی الهی بحرمة وجه خیرلك ساجد** اور یہ دعا بھی پڑھے **اغفروجهی فی التراب لوجد سیدی وبحق وجه سیدی ان یغفرالوجوه له** پھر سر اٹھا کر بیٹھے اور درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ **اللهم ارزقنی قلبا نقیتا من الشرك بریئاً لا لكافراوالا شقیتاً۔**

دعا شب برات

اللهم یاذالمن ولا یمن علیك یا ذالجلال والاكرام یاذالطول والانعم لا لاه الا انت یاظهیر الاحین ویارجآء المستحیرین ویاصریخ المستبصرخین ویاامن الخآئفین ویادلیل المتحیرین ویاغیاث المستغیثین ویاارحم الراحمین اللهم ان كنت كتبتنی فی ام الكتاب عندك شقیاً فقیراً فامح عنی اسم الشقاوة الفقر وثبتنی عندك سعیداً غنیاً وان كنت كتبتنی فی ام الكتاب عنده محروما مقترًا علی رزقی فامح عنی حرمافی وتقتیر رزقی فانك قلت فی ام الكتاب یمحو الله مایشاء ویثبت ووعنده علم الكتاب۔

﴿تسخیر جن هاموش﴾ تحریر: علی رضا (لاہور)

جنات کے قبیلے کا سردار یہ جن بہت طاقت کا حامل ہے اس کی تسخیر کیلئے ضروری ہے کہ 7 یوم آغاز عمل سے قبل گوشت نہ کھائیں روزانہ بعد نماز عشاء 2 رکعت نماز برائے تسخیر جن ہاموش ادا کریں۔ اس عمل میں حصار نہ کیا جائیگا سورۃ جن 117 بار بعد سورۃ مزمل 5 بار باقاعدگی سے 14 یوم درج بالا طریقہ سے پڑھیں۔ جب تک عمل جاری رہے گوشت اور گوشت سے پیدا ہونے والی تمام اشیاء کا پرہیز ہے گوشہ نشینی اختیار کریں۔

قارئین تحفہ روحانیات سے التماس ہے کہ نقوش اور عبارت عمل کی خود بھی پڑتال کرلیں۔ ادارہ کی جانب سے ان باتوں کا خاص خیال رکھا جاتا ہے مگر پھر بھی غلطی کا احتمال ہے۔ خاص طور سے قرآنی آیات کی قرآن پاک سے پڑتال کریں۔ بہت باریکی سے خیال رکھنے کے باوجود دینی عبارات یا قرآن پاک آیات کی کمپوزنگ غلطی لاعلمی میں ہو سکتی ہے۔ قارئین خود بھی احتیاط کریں۔ **(ادارہ)**

ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنے سے قبل ہدایت

1۔ جب بھی ایزی پیسہ یا دیگر ذرائع سے رقم ارسال کرنا ہو اپنا مقصد لکھ کر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کریں۔

2۔ ایس ایم ایس کے آخر میں اپنا نام اور شہر ضرور تحریر کریں۔

3۔ لوح کا نام یا جس مقصد کے لئے آپ رقم ارسال کر رہے ہیں وضاحت کریں۔

4۔ رقم وصول کرنے کا Pin Code بذریعہ ایس ایم ایس ضرور مطلع کریں۔

5۔ ادارہ کے فون نمبر 0300-6351192 پر رقم ارسال کرنے کی اطلاع کا پیغام ارسال کریں۔

معجزات نبی کریمؐ

تحریر:۔ملک ذوالفقار علی اعوان (چکوال)

قارئین تحفہ روحانیات بوجہ علالت کچھ عرصہ غیر حاضری رہی طبیعت نے اجازت دی تو آپ کی خدمت میں حاضر ہو چکا ہوں گزشتہ سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے معجزات نبی کریم ﷺ کے عنوان سے اپنی تحریر کے ساتھ تحفہ روحانیات کے صفحات کا سہارا لیا۔ اب بھی کچھ کمزوری باقی ہے دوستوں سے دعا کی درخواست ہے تمام احباب بالخصوص علامہ سید سبط حسن جعفری' کامران بنگش' حیدر رضا حیدری' بابا صدف انبالوی' سید شبیہہ الحسنین رضوی' محسن ملک' عاقل حیدر شاہ کاظمی' گل محمد ککے زئی اور عرفان ہاشمی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھا اور وقتاً فوقتاً مزاج پرسی کرتے رہے۔

میری اس غیر حاضری کے دوران میں اپنے دو عزیز دوستو جناب علی اکبر صاحب (پشاور) اور شوکت علی بروہی (جنگ شاہی) سے محروم ہو گیا اللہ تعالیٰ ان دونوں صاحبان کو درجہ بہ درجہ جنت الفردوس میں مقام عطا فرمائے۔ (آمین) میں اپنے دوستوں کی خدمت میں گزشتہ سلسلہ کو دوبارہ سے شروع کرتا ہوں یعنی معجزات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ذیل کی عبارت عربی سے ترجمہ کی گئی ہے مترجم کیلئے با محاورہ ترجمہ میں کچھ وقت درکار ہوتا ہے لہذا مترجم کے ترجمہ کے ساتھ عبارت حاضر ہے۔

عوف بن مالک رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں غزوہ تبوک میں حاضر ہوئے (ایک جگہ کا نام ہے درمیان دمشق اور مدینے کے) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک چمڑے کے خیمے میں تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ چھ چیزوں کو قیامت سے پہلے شمار کر لو پہلی موت میری بعد اس کے فتح ہونا بیت المقدس کا پھر ایک وبا کہ تم میں ہوگی مانند قعاص (ایک بیماری ہوتی ہے بکریوں میں کہ اس سے بکری فوراً مر جاتی ہے۔) بکریوں کے پھر بہت ہونا مال کا یہاں تک کہ ایک آدمی کو سو دینار دیں گے تب بھی ناخوش رہے گا پھر ایک فتنہ کہ باقی نہ رہے گا کوئی گھر عرب سے مگر اس میں داخل ہو جائے گا پھر ایک صلح ہوگی درمیان تمہارے اور نصاریٰ کے پھر وہ بدعہدی کرے گے اور تمہارے مقابلے کو آئیں گے تلے اسی (80) نشان کے ہر نشان کے تلے بارہ ہزار ہونگے۔

اس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان علامات قیامت میں کئی باتوں کا وقوع بیان فرمایا ایک فتح ہونا بیت المقدس کا بعد وفات آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سو مطابق اس کے واقع ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایام خلافت میں بیت المقدس (علامہ خفاجی نے نسیم الریاض شرح شفاء قاضی عیاض میں لکھا ہے کہ تمیم داری سے جب وہ مسلمان ہوئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر مفتوح ہونے بیت المقدس کی بیان فرمائی تھی اور انہیں کچھ زمین وہاں معاف کر دی تھی تو جب بیت المقدس فتح ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہ زمین تمیم داری کو دے دی تھی) فتح ہوا حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح (مشہور صحابی ہیں عشرہ مبشرہ میں سے ہیں نام ان کا عامر بن عبداللہ بن جراح ہے اور ابوعبیدہ کنیت اور داد کی طرف منسوب ہو کے ابوعبیدۃ بن الجراح کہلاتے ہیں۔ قریشی فہری ہیں فہر بن مالک جد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان کا نسب پہنچتا ہے۔) نے کہ امیر الراء افواج شام کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے قلعۂ بیت المقدس کو محاصرہ کیا قلعے میں ایک قسیس (عالم رئیس نصاریٰ) تھا اس نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کی صورت دیکھ کے کہا کہ یہ قلعہ تمہارے ہاتھ پر فتح نہ ہوگا اس قلعے کے فتح کرنے والے کا نام اور حلیہ ہمارے ہاں لکھا ہوا ہے نام اس کا عمر رضی اللہ عنہ ہے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ عنہ کو اس مضمون سے مطلع کیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود بیت المقدس کو تشریف لے گئے اس قسیس نے آپ رضی اللہ عنہ کی صورت دیکھتے ہی بیان کیا کہ یہی شخص ہیں جن کے ہاتھ پر قلعے کا فتح ہونا لکھا ہے اور فوراً قلعے کو خالی کر دیا سو اس فتح بیت المقدس میں دو دلیلیں نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہر ہوئیں ایک مطابق پیشین گوئی کے ہونا دوسرے ظاہر ہونا اس بات کا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کا حال بہ تفصیل کتب سابقہ میں تحریر ہے۔ دوسرے بعد فتح بیت المقدس کے ایک وبائے عظیم کا ہونا کہ مطابق اس کے بھی واقع ہوا عمواس میں جہاں لشکر ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کا متصل بیت المقدس کے تھا 16 ہجری میں ایسی وبائے عظیم ہوئی کہ تین دن میں ستر ہزار آدمی مر گئے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اسی وباء میں وفات پائی۔ تیسرے کثرت مال کی سو یہ امر بھی زمانہ خلفائے راشدین بالخصوص زمانہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ میں ہوا۔ چوتھے

ایک فتنہ عظیمہ کہ سب گھروں میں عرب کے داخل ہو جائے گا مراد اس سے فتنۂ قتل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ہے کہ ایک بلاء عظیم اہل اسلام میں واقع ہوئی اور بہت سے مقاتلات اس کے سبب سے اہل اسلام میں واقع ہوئے حقیقت میں کم کوئی شخص اس فتنے کے آشوب سے بچا۔ پانچویں واقع ہونا ایک صلح کا درمیان نصاریٰ اور اہل اسلام کے اور بعد اس کے بدعہدی کرنا نصاریٰ کا اہل اسلام سے اور اسی (80) کمپولے کر چڑھنا اہل اسلام پر سو یہ قریب زمانۂ قیامت کے ہوگا اور حضرت امام مہدی اس لشکر پر فتح پا کر نصاریٰ کا استیصال کریں گے۔

مسلمانوں کے بحری جہاد اور اس میں ام حرام رضی اللہ عنہ کی شرکت پیش گوئی

اُم حرام رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سوئے اور ہنستے ہوئے جاگے میں نے پوچھا آپ کے ہنسنے کا کیا سبب ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ میری اُمت کے لوگ جہاز پر سوار دریا میں جہاد کرتے ہیں جیسے بادشاہ اپنے تختوں پر ہوتے ہیں جو لشکر کہ اوّل دریا میں جہاد کرے گا ان کو بہشت واجب ہوئی میں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعا کیجئے کہ میں ان غازیوں میں شریک ہوں آپ نے فرمایا کہ تُو ان میں داخل ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سو رہے پھر ہنستے ہوئے جاگے میں نے پوچھا کہ آپ کے ہنسنے کا کیا سبب ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو لشکر کہ اوّل شہر بادشاہِ روم یعنی قسطنطنیہ سے لڑے گا اس کے گناہ معاف ہوئے میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں بھی ان غازیوں میں ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تُو ان میں نہیں تو پہلی قسم کے غازیوں میں ہے۔

اس حدیث میں جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین باتوں کی خبر دی ایک اپنی امت کے جہاد کرنے کی دریائے شور میں دوسری اُم حرام رضی اللہ عنہ کے شریک ہونے کی ساتھ ان غازیوں کے جو دریائے شور میں اوّل جہاد کریں گے تیسری جہاد کی قسطنطنیہ پر جو شہر دار السلطنت روم کا تھا تینوں باتیں واقع ہوئیں اوّل دریائے شور میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد میں واقع ہوا اور اُم حرام رضی اللہ عنہا ساتھ شوہر اپنے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے اسی جہاد میں شریک تھیں اور جہاز پر سوار ہوئیں بلکہ اسی سفر میں جہاز سے اُتر کے گھوڑے پر سے گر کے شہید ہوئیں اور شہر قسطنطنیہ کو بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت نے جہاد کر کے فتح کیا چنانچہ اب دار السلطنت روم کا وہی شہر ہے جسے استنبول کہتے ہیں۔

سبع طلسمات سیارگان

طلسم شمس

	ھ	
س	کھمھمسط	
	معع	
	طم	

طلسم قمر

٥	٥	٥ ـــ ل
	طسطسھما لا	
	ااا ع س ص م م م	

طلسم عطارد

ممہ	مہ	د
	عسرلاع ص	
	مسلسامکما	

طلسم زہرہ

عاھالامہ	لہ
الالمس کمص	

طلسم مریخ

	٥ ٥ ٥	
ع	ع اہ د ص	
س	س س	

طلسم مشتری

معصہ	عصہ	
	علمسطہ	
ممہ		
مااا	ہ	

طلسم زحل

	صہ	
	طس	
	مھکمھع	
	٥١ ٥١ ٥١	

قارئین کرام سے التماس ہے کہ سبع سیارگان کے ان طلسمات کو اپنی بیاض خاص میں نوٹ فرمالیں تاکہ عمل خیر یا لوح کندہ کرنے کے بعد پشت پر یہ طلسمات بنائے جا سکیں۔ سیارگان کی اہم نظرات کے علاوہ شرف و اوج میں بھی یہ طلسمات بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ (ادارہ)

حالت قمر

قمر در عقرب: 09 مئی 10:00 تا 11 مئی 21:59

ھبوط قمر: 09 مئی 13:58 تا 20:38

قمر در ثور: 23 مئی 17:32 تا 25 مئی 17:15

شرف قمر: 23 مئی 20:47 تا 22:24

شادی بیاہ کی تاریخیں

4.5.12.13.16.17.18.20.23.24.25.29

پشاور اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
اسٹار نیوز ایجنسی بازار کلاں پشاور

کوئٹہ اور اسے کے گردونواح کے شہروں میں روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات نہ ملنے کی صورت میں رابطہ کریں۔
بکسٹال نمبر 2 میزان چوک کوئٹہ

جنات کی روحانی واردات

قسط 35

تحریر:۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ

کالے و سفلی علم کے جادوگروں کے بھیانک انجام، جنات بھوت، پریاں چڑیل، اولیاء اللہ اور بزرگان دین، شہداء، کشف القبور، موت اور زندگی کے سچے واقعات

دن تیزی سے گزرتے گئے اور گزر رہے ہیں جنات کی واردات بارے میں بہت سے واقعات پیش آتے رہے اور موجود وہ وقت میں بھی پیش آرہے ہیں جناتی قبائل میں سے کچھ اپنے مزاج کے لحاظ سے انسان دوست ہوتے ہیں اور چند انسان دشمن، یہ مخلوق اگر کسی پر مہربان ہو جائے تو ایسا شخص خوش قسمت ترین ہو جاتا ہے لیکن اگر کسی سے ان کا بغض ہو جائے تو اُسے تباہ و برباد کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے، یہ ایسی قوت ہے کسی بھی جاندار کے جسم میں داخل ہو کر اُسے شدید نقصان پہنچا سکتی ہے لفظ جاندار استعمال کیا گیا ہے انسان نہیں یعنی کہ چاہے کوئی چرند پرند ہو درند ہو یا انسان تمام خلق اس میں شامل ہوتی ہے لیکن اشرف المخلوقات ہونے کی وجہ سے صرف انسان اس غیبی قوت پر قابو پا سکتا ہے دیگر مخلوق پر جناتی طاقتیں خود غالب آجاتی ہیں۔ جسمانی اور روحانی تکلیف میں مبتلا کر دیتی ہیں۔ ایسے مریض کو جناتی مریض کہا جاتا ہے۔ میرے ایک ملنے والے بہت پریشان کن حالت میں آئے بتایا کہ اُن کی بیٹی کے ساتھ غیر معمولی واقعات پیش آرہے ہیں جس کی وجہ سے اہل خانہ پریشان ہیں اس کا آغاز یوں ہوا کہ مریضہ کا کھانا ہضم ہونا بند ہو گیا جو کچھ کھاتی ہیں واپس قے کی صورت میں باہر آجاتا ہے۔ دل بند ہوتا محسوس ہوتا، پورے جسم پر درد اور سر بھاری ہونا شروع ہو جاتا۔ اہل خانہ سمجھے کہ معدہ کی تکلیف ہے اور پھر علاج کسی بہترین ماہر امراض معدہ سے کروانا شروع کیا جس نے اپنے علم کی بنیاد پر مرض کی تشخیص کرنا چاہی مگر اُسے مرض تو سمجھ نہ آیا پھر بھی صبح شام ڈرپ لگا کر مریضہ کا علاج شروع کر دیا عرصہ 1 ماہ یہ علاج جاری رہا پھر ایک سے دوسرے ڈاکٹر سے علاج کروایا گیا مگر حالت بگڑتی گئی اور اس مریضہ کو بے ہوشی کے دورے پڑنا شروع ہو گئے حالت مزید بگڑی تو کسی نے مشورہ دیا کہ روحانی معالج سے بھی رابطہ کریں۔

ہمارے معاشرے میں بہت سی خامیاں ہیں جن میں ایک خامی یہ بھی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی مریض کی عیادت کیلئے جاتا ہے اور اُس کی تیمارداری کے لہجہ میں حوصلہ افزاء الفاظ استعمال کرنے چاہیے مگر بات اُلٹ ہے کہ عیادت کرنے والا ڈاکٹروں سے بڑا خود ڈاکٹر بن جاتا ہے، حکیموں سے بڑا خود حکیم اور روحانی معالجین سے بڑا خود روحانی معالج۔ مریض کو دُنیا بھر کی مثالیں دینا شروع کر دیتا ہے کہ فلاں شخص بھی بیمار ہوا تھا علاج نہ کروا سکا یا علاج کرواتے ہوئے موت ہو گئی یا خود بہت سے نسخے تجویز کر کے مریض یا اُسکے لواحقین کو دینا شروع کر دیتا ہے۔ اب اگر کچھ بھی نہ ذہن میں آئے تو خود ہی پانی پڑھ کر یا کچھ پڑھ کر مریض پر دم کرنا شروع کر دیتا ہے۔

جنگلی بندروں کی ایک مثال اس طرح ہے کہ جب کوئی بندر زخمی وہ جائے تو وہ جنگل میں گھنے اونچے درخت پر بیٹھ جاتا ہے باقی بندر غول کی صورت میں باری باری اُسکے پاس آتے ہیں۔ اُس بندر کے زخم کو آکر نوچتے ہیں اپنی جانب سے تیمارداری کرتے ہیں جسکا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ چھوٹا زخم بڑا ہو جاتا ہے، بلا آخر اُس بندر کی موت واقع ہو جاتی ہے۔ کچھ ایسا ہی ہمارے معاشرے میں ہوتا ہے مریض کی تیمارداری کرنے کیلئے آنے والے اُسکے زخم کو تو نہیں نوچتے لیکن خوفناک، ناکام، تجربات اور مثالیں سُنا سُنا کر مریض کو اتنا خوفزدہ کر دیتے ہیں کہ اُسے یوں لگتا ہے کہ جیسے اب مرا کہ اب مرا۔

ایسا ہی اس مریضہ کے ساتھ ہوا لوگوں نے اپنے تجربات نسخہ جات بتانا شروع کر دیئے ایک صاحب کسی مولوی صاحب کو پکڑ لائے مولوی صاحب نے دم کیا اُنکی اپنی حالت خراب ہوئی اور بھاگ کھڑے ہوئے۔ کچھ وقت کے بعد اللہ کی طرف سے لڑکی کے والدین کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ باقاعدہ طور سے کسی روحانی معالج سے بھی علاج کروایا جائے۔ بات دراصل یہ ہے کہ چاہے تعویزات یا کالے جادو کے اثرات ہوں یا جنات کی جانب سے واردات کی گئی ہو مریض کے سب سے کمزور حصہ پر غلبہ حاصل کر کے اُس حصہ کو روحانی طور پر مفلوج کیا جاتا ہے جب روح کا مرض شدت کو پہنچ جاتا ہے تو اب وہ مرض جسم پر بھی ظاہر ہوتا ہے۔ چونکہ مرض روح میں پیدا کیا گیا ہے جب تک جسم پر ظاہر نہ ہو اور مریض کو صرف اُسکے اثرات ہوں جیسا کہ عموماً سر کا چکرانا، کاندھے بوجھل ہو جانا، ڈر اور خوف میں مبتلا ہو جانا یہ عام طور پر روحانی امراض ہیں مگر درست انداز سے روح کا علاج نہ کیا جائے تو یہ تمام امراض جسمانی طور پر ظاہر ہوتے ہیں اس مریضہ کے ساتھ بھی ایسا ہوا کہ جنات کی جانب سے سب سے پہلے مرض روح میں پیدا کیا گیا اور اب وہ جسم پر بھی ظاہر ہو رہا تھا لہذا یہ چاہیے تھا کہ جسمانی علاج

کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی شروع کیا جاتا ہے اگر جسمانی علاج پر توجہ دی جائے تو ایسا مریض صحت یاب نہیں ہوتا جب تک کہ جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ اُسکا روحانی علاج بھی نہ کیا جائے۔ کسی کی معرفت اس مریضہ کو لایا گیا پہلی نظر میں انکشاف ہوگیا کہ مرض روحانی غلبہ جنات ہے۔ سب سے پہلے اس مریضہ کا صدقہ دلوایا گیا سفید رنگ کی چادر اوڑھا کر ایک جانب اُسکے والد دوسری جانب بھائی کو بٹھایا گیا سوا سوا کلو ہر دال کی پوٹلیاں بنائی گئی ان پانچ پوٹلیوں کو اس ترتیب سے مریضہ کے گرد رکھا گیا کہ ایک سر کی جانب، دو پوٹلیاں دونوں بازو کی جانب اور دو پوٹلیاں پاؤں کے قریب رکھی گئی۔ سورۃ مزمل کا تکبیر کے ساتھ ورد کرنے کے بعد سورۃ الفلق والناس با آواز پڑھی تو مریض کی حالت خراب ہونا شروع ہوگئی مریضہ کے والد اور بھائی نے اُس کے ہاتھوں کو پکڑا وہ شدید چلا رہی تھی غصہ سے آنکھیں سرخ تھیں خوفناک ماحول بن چکا تھا اسی دوران ایک جانب سے آواز آئی کہ ہم اسکو نہیں چھوڑیں گے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس 5,5 بار با آواز پڑھنے کے بعد سر کی جانب رکھی گئی پوٹلی اُٹھائی گئی اس کے بعد مریضہ کی تکلیف میں زیادہ اضافہ ہوگیا پھر دوسری بار سابقہ طریقہ سے پڑھنے کے بعد دوسری پوٹلی اُٹھائی تو شدت میں کسی حد تک کمی ہوئی۔ پھر اسی دائیں جانب پاؤں والی پوٹلی سابقہ طریقہ سے اٹھائی گئی تو شدت اس قدر تیز ہوگئی کہ مریضہ کی آنکھیں باہر کو اُبل پڑیں۔ حالت غیر ہونے لگی چیخنے چلانے لگی کی میرا دل بند ہو رہا ہے میرا سانس بند ہو رہا ہے ان تمام باتوں کی پرواہ کئے بغیر بائیں پاؤں کی جانب رکھی گئی پوٹلی اُٹھا کر حسب قاعدہ ایک جگہ ملا دیں۔ آخری حصہ کی جانب پہنچے یعنی بائیں ہاتھ پر رکھی پوٹلی کو بھی 5,5 بار سورۃ الفلق اور سورۃ الناس پڑھ کر اُٹھایا تو مریضہ بے ہوش ہوگئی۔ یہ کیفیت دیکھ کر اس مریضہ کے والد اور بھائی سکتہ میں آگئے اُن کا خیال تھا کہ شاید جناتی قوتوں نے اُن کی بیٹی کا خاتمہ کر دیا ہے۔ سورۃ مزمل کا پانی قریب رکھا ہوا تھا مریضہ پر چھینٹے مارے گئے کچھ دیر بعد ہوش میں آئی لیکن چند لمحوں بعد اُسکی کیفیت پہلے سے زیادہ خوفناک ہوگئی۔ بندہ احقر العباد نے معاملہ کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس مع تعوذ و تکبیر دائرہ کی شکل میں تحریر کی درمیان میں عبارتی حکم الٰہی بوسیلہ واسطہ محمد و آل محمد وکل روحانیہ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اس مریضہ کے جسم و روح پر مسلط ہر قسم کے بلیات جنات کو اس دائرہ میں قید فرما بحق اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بحق اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر۔ اس دوران جب یہ تحریر کیا جا رہا تھا چیخ و چلانے اور رونے کی آوازیں بہت زیادہ آنا شروع ہوگئی مریضہ قابو سے باہر ہو رہی تھی اور بندہ احقر جاہ نماز پر بیٹھا تحریری عبارت حاجت بارگاہ الٰہی میں پیش کر رہا تھا جس کا طریقہ کار گزشتہ سطور میں درج کر دیا ہے۔ دائرہ کے درمیانی حصہ میں آتشی رنگ کے کچھ نقطے نمودار ہوئے ان نقاط کی مریضہ سے تصدیق کیلئے دکھایا گیا اُس نے چیخ کر کہا کہ اب یہ تمام اس دائرہ کے اندر جما ہو چکے ہیں اس لکھے گئے حکم نامہ کو بوتل میں بند کیا گیا اور بوتل کے ڈھکنہ پر آیت الکرسی مع تکبیر سات بار پڑھ کر دم کی گئی اس کے منہ کو ڈھکن سے بند کرنے کے بعد کالے کپڑے، کالی ڈوری سے اچھی طرح باندھ دیا گیا۔ اب ضرورت تھی کسی خشک کنویں کی جس میں اس بوتل کو دبا دیا جاتا شہر میں ایسی جگہ تلاش کرنا ذرا مشکل ہوتا ہے لیکن کوشش کے بعد ایسا کنواں مل گیا وہاں اس بوتل کو دبا دیا گیا۔ تین روز تک اُس مریضہ کی حالت اچھی رہی مگر چوتھے روز اس کے اہل خانہ پھر پریشانی کی حالت میں آئے کہنے لگے کہ اب ہماری بیٹی کہتی ہے کہ اُس کے حلق میں مٹی کا ذائقہ ایسے آتا ہے جیسے تالو اور حلق سے مٹی چپکی ہو۔ اس دوران اُسے مٹی کی تیز خوشبو بھی محسوس ہوتی ہے اور بات یہیں تک نہیں جب اُس مریضہ کو یہ شکایت ہوتی ہے تو مٹی کی خوشبو ہم تمام اہل خانہ کو واضح محسوس ہوتی ہے۔

مراقبہ کرنے سے پتہ چلا کہ اُن شیطانی کالی قوتوں نے اُس کنویں سے مٹی مریضہ کے حلق میں پھینکنا شروع کر دی جسکی وجہ سے ایک نئی مصیبت کھڑی ہوگئی گزشتہ تین دنوں میں جسمانی امراض دفع کرنے کیلئے ادویات کا استعمال کروایا گیا جس کے نتائج ایک دن بعد بہت اچھے ظاہر ہوئے اور تین دن تک ایسا محسوس ہوتا تھا کہ جیسے کوئی بھی جسمانی مرض نہ ہو۔ بندہ احقر نے اس مسئلہ کے نجات کیلئے ایک حصاری نقش تیار کیا اس نقش کے چاروں جانب سورۃ مزمل کی پہلی پانچ آیات تحریر کی گئی۔ درمیان میں حکم حصار لکھا گیا اور آخر میں سورۃ مزمل کی آخری آیت کا آخری حصہ تحریر کیا گیا۔ اس نقش پر 21 بار سورۃ مزمل ورد کر کے دی گئی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ نقش مریضہ کے گلے میں ڈالنے کے بعد یوں محسوس ہوا کہ جیسے سب کچھ معمول پر آگیا ہو ایسے معاملات میں روحانی معالج کو خود اپنی اور اہل خانہ کی حفاظت ضروری ہوتی ہے۔ وہ افراد جو کہ اس عمل کو کرنا چاہیں حسب قاعدہ اختتام عمل کے بعد یا قبل اپنے اہل خانہ یعنی ہر فرد کے مطابق 5 کلو گوشت کا صدقہ پہلے دیں۔ جس کا طریقہ کار یہ کہ اگر روحانی معالج کے اہل خانہ کی تعداد زیادہ ہے اور 5 کلو گوشت کے صدقہ کے برابر 6 افراد کا کل گوشت 30 کلو وزن ہو جاتا ہے اس قیمت میں اگر بکرا ذبح کر کے دے دیا جائے تو زیادہ بہتر رہے گا کہ اہل خانہ پر کسی قسم کی پریشانی مصیبت یا رجعت نہ پڑیں۔

ستاروں کی چال اور وظیفے کا کمال

عطارد تثلیث زحل

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	12	06:33 تا 07:41	08:48 تا 09:55	جنوب	21:32 تا 22:25	شمال مغرب

حصول ترقی ومرتبہ

(مقصد عمل) ایسے ملازم پیشہ افراد جو کہ ترقی کہ خواہ ہوں اور کسی بھی صورت کوئی بھی اُمید نظر نہ آتی ہو درج ذیل کے عمل سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

(عمل) دیئے گئے وقت میں **یا رافع** کا ورد 4000 بار پڑھیں آنکھیں بند اور دل کی طرف مکمل توجہ ہو ذہن میں اپنے مقصد کی طرف دھیان ہو بعد ورد اپنے لب سے اپنی پیشانی پر شہادت کی انگلی سے اس اسم کو لکھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں اول آخر درود شریف 19 بار پڑھیں پھر سجدہ میں جا کر اپنے مقصد کی دعا کریں ان شاءاللہ بہت جلد مقصد میں کامیابی ہوگی۔ نقش بنانے کیلئے **یا رافع** کے عدد 351 سے نقش مربع بادی پُر کریں اور اسے ہمیشہ اپنے پاس رکھیں آخر میں اس نقش کے اپنا مقصد اور مطلب لازمی لکھیں۔

زہرہ مقابلہ مشتری

دن	تاریخ	صبح	دوپہر	رجال	بعدغروب	رجال
جمعہ	19	05:22 تا 06:33	13:18 تا 14:26	مغرب	20:42 تا 21:34	جنوب

تباہی دُشمن

(مقصد عمل) ستاروں کی اس نظر کے تحت آپ اپنے دشمن کو تباہ و برباد کرنے کے لیے یا اُس کے کاروبار کو بند کرنے کے لیے عمل کر سکتے ہیں یاد رہے کہ معمولی رنجش کی بناء پر یہ عمل کرنے والا خود بڑی مُصیبت میں گرفتار ہو جائے گا عمل صرف ایسی جگہ کیا جائے کہ جو شخص ناجائز طریقہ سے کمائی گئی مال و دولت کے سر پر غرباء اور شریف لوگوں کو بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔

سیارگان کے مابین یہ نظر زہرہ در حمل مشتری در میزان بحالت رجعت قائم ہوگی

(عمل) اس وقت سے قبل ان جگہوں کی مٹی حاصل کر لیں، گدھے کے لیٹنے کی جگہ کی مٹی + عیسائی قبرستان کی مٹی + کھنڈر مکان کی مٹی + فقیر کی جھونپڑی کی مٹی + مسلمان قبرستان کی مٹی + صحرا کی ریت + خودکشی سے مرنے والے کی قبر کی مٹی کو ایک جگہ جمع کر لیا جائے اوپر دیئے گئے وقت اور سمت کے مطابق 80 بار سورۃ تبت یدا بغیر بسم اللہ اور درود شریف کے پڑھی جائے اس مٹی کو جس شخص کو تباہ و برباد کرنا ہو اُس کے دوکان یا مکان میں ڈال دی جائے وہ شخص جلد ہی تباہ و برباد ہو جائے گا ناجائز عمل کرنے والا یا کسی کو ناحق تکلیف پہنچانے والا اس عمل کے اثر سے چند دن میں ہی خود تباہ و برباد ہو جاتا ہے۔ اس عمل کیلئے اجازت خاص ضروری ہے۔

حضیض عطارد

20 مئی 2017ء بروز ہفتہ صبح 11 بجکر 30 منٹ تا 21 مئی صبح 09 بجکر 15 منٹ درجہ حضیض سے گزریگا۔

سیارہ عطارد برج جوزا اور سنبلہ کا حاکم مانا جاتا ہے۔ مخنث خاصیت کا حامل یہ سیارہ جب برج ثور کے 5 درجہ پر پہنچتا ہے تو حالت حضیض ظاہر کرتا ہے۔ جو کہ ہبوط کے بعد دوسرے درجے کی نحس حالت ہے۔ عطارد ہمیشہ سورج کے قریب تر یا ساتھ رہتا ہے۔ اس لئے عطارد کو شمس کا دم چھلہ بھی کہا جاتا ہے۔ شمس کی روشنی اس پر زیادہ قوت کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے۔ ممتزج مزاج رکھنے والا یہ سیارہ عقل، ہمت، بہادری عزیز رشتہ داروں سے تعلق داری قول قلم عمل سے تعلق رکھتا ہے۔ آسمانی درجہ پر یہ سیارہ علم و حکمت دانش پر حکومت کرتا ہے لیکن درجہ حضیض پر پہنچنے کی حالت میں اس سیارہ کی تمام سعد قوتیں نحس یعنی منفی رُخ اختیار کر لیتی ہیں واس دوران اپنے مقصد کے مطابق عمل شرتیار کر سکتے ہیں۔ تمام تیاری قبل از وقت کر لیں۔ لہذا اس سال 20 مئی 2017ء بروز ہفتہ کو درجہ حضیض سے گزریگا۔ باقی معلومات اور اعمال حضیض عطارد جاننے کیلئے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کا مطالعہ کریں

20 مئی 2017ء بروز اتوار

اول ساعت :۔11:30 تا 12:10 رجال الغیب (جنوب)

دونم ساعت :۔19:00 تا 19:51 رجال الغیب (شمال مغرب)

21 مئی 2017ء بروز اتوار

اول ساعت :۔01:02 تا 01:54 رجال الغیب (شمال مغرب)

دونم ساعت :۔07:37 تا 08:46 رجال الغیب (شمال مشرق)

درج بالا تمام ساعت ملتان وقت کے مطابق ہیں دیگر شہرون کا فرق وقت جمع نفی کر لیا جائے (ادارہ)

ادارہ روحانیات

کالے جادو کا خاتمہ

تحریر:۔ شہزادہ رضوان حسین شاہ (ملتان)

پہلا عمل خاتمہ کالا جادو: ۔کالے علم، جادو کے اثرات ختم کرنے کیلئے سات سچے موتی لیں ہر ایک موتی پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے ایک بوتل میں ڈال دیں اور اس میں پانی بھر دیں یہ پانی مریض کو صبح و شام سات دن تک پلائیں۔ آٹھویں دن موتیوں میں سے ایک موتی کی انگوٹھی بنوا کر مریض کے پہننے کیلئے دیں اور باقی چھ موتی الگ الگ مسجد کی ٹینکی، نہر، دریا، سمندر میں ڈال دیں۔ انشااللہ ہر قسم کے جادو کے اثرات زائل ہو جائیگے اور آئندہ جب تک انگوٹھی مریض کے ہاتھ میں رہیگی کسی بھی قسم کا کوئی بھی جادو اثر نہ کریگا۔

دوسرا عمل خاتمہ کالا جادو: ۔جست کے ٹکڑے میں حروف مقطعات کندہ کرا کر اُسی کسی جگ میں ڈال دیں اور پانی بھر لیں پھر یہ پانی صبح و شام سحر زدہ کو پلائیں انشااللہ اکیس دن میں سحر سے نجات مل جائیگی۔

تیسرا عمل خاتمہ کالا جادو: ۔ایک نیلے رنگ کی بوتل لیں اس میں پانی بھر دیں پھر اس پر کسی بھی دن نماز فجر کے بعد سورۃ رحمٰن پڑھ کر دم کر دیں اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔ پھر یہ بوتل دھوپ میں رکھ دیں صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک سورج چھپنے تک اسے دھوپ میں رکھیں۔ یہ پانی سحر جادو ٹونے اور پاگل پن کو رفع کرنے میں ان شااللہ مفید اور موثر ثابت ہوگا یہ پانی دن میں تین تین مرتبہ پلائیں۔ صبح کو نہار منہ رات کو سونے سے پہلے اور دوپہر کو کھانا کھانے کے بعد ان شااللہ ایک ماہ میں پوری طرح سے سحر کے اثرات سے اور جنون کیفیت سے نجات مل جائے گی۔

چوتھا عمل خاتمہ کالا جادو: ۔سورۃ المزمل کی اس آیت کو باکمال قرار دیا گیا ہے اس کے ذریعہ بھی جادو کا علاج کیا جا سکتا ہے جادو خواہ کیسا بھی ہو سفلی ہو یا کالا جادو اس آیت پاک کے ذریعہ اس پر قابو پایا جا سکتا بہت ہی محتاط انداز کے ساتھ میں عرض کرتا ہوں کہ اس آیت کریمہ کے نقوش کے ذریعہ میں نے اب تک دس ہزار سے زیادہ جادو زدہ لوگوں کا علاج کیا ہے اور اللہ کے فضل و کرم سے ۹۹ فیصد لوگوں کو جادو کے اثرات بد سے نجات مل گئی۔ اس آیت کریمہ کی تاثیرات سے پوری طرح سے مستفیض ہونے کیلئے ضروری ہے کہ اس آیت کی زکوۃ ادا کی جائے اس کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں کسی جمعرات سے زکوہ کی شروعات کی جائے اور ۳۱۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴۰ دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کی جائے ۴۰ دن میں زکوۃ ادا ہو جائیگی۔ اس کے بعد روزانہ ۱۰۰ مرتبہ اس آیت کو ورد میں رکھیں سورہ مزمل کی آیت نمبر 5 یہ ہے۔

انا سنلقی علیك قولاً ثقیلا

جب کسی جادو زدہ کا علاج کرنا ہو تو سات چھوہارے لے کر ۲۵ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کر دیں اور سات کنوؤں کا پانی لیں یا سات مسجدوں کا پانی لیں۔ ساتوں پانی ایک بوتل کے بقدر ہوں اس ایک بوتل پانی پر دو سو مرتبہ مذکورہ آیت اس طرح پڑھیں کہ سات سات مرتبہ اول و آخر میں درود شریف بھی پڑھیں اور پانی پر دم کر دیں یہ پانی سات دن تک نہار منہ اور سونے سے پہلے مریض کو پلائیں چھوہارے عصر کے بعد مریض کو کھلائیں اور اس کے فوراً بعد مذکورہ آیت کا نقش مثلث پانی میں گھول کر پلا دیں۔ اس نقش کو کو پلانے سے ایک گھنٹہ پہلے پانی میں گھول کر رکھ دیں۔

اس طرح کے سات نقش گلاب و زعفران کی سیاہی سے لکھیں سات میں چھوہارے بھی ختم ہو جائیں گے اور نقش بھی اور بوتل والا پانی بھی۔ جس دن علاج شروع کریں اسی دن سرسوں کے تیل پر ۲۰۰ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھ کر دم کر دیں اور روزانہ سوتے وقت مریض کے جسم پر اس تیل سے مالش کریں۔ پوشیدہ مقام کو چھوڑ کر جسم کے ہر حصہ کی مالش کریں۔ سات راتوں تک ایسا کریں جس دن چھوہارے، نقوش، پانی ختم ہو جائے اُس دن مریض کو غسل کرا دیں اور غسل کے بعد مذکورہ آیت کا مربع نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں ان شااللہ کتنا بھی خطرناک جادو ہوگا ایک ہفتے میں ختم ہو جائیگا اور مریض مکمل طور پر صحت یاب ہو جائیگا۔

پانچواں عمل خاتمہ کالا جادو: ۔اسم محمد ﷺ سے بھی جادو کا علاج کیا جاتا ہے اس عمل کو کرنے سے قبل سوا لاکھ کسی بھی درود پاک کا ورد کریں طریقہ یہ ہے کہ اسم مبارک کا مربع نقش گلے میں ڈالیں اور مثلث نقش ۹ دن تک لگاتار بعد نماز فجر پلائیں ان شااللہ جادو سے نجات عطا ہوگی۔

اختر بک ڈپو، فیصل بازار سرگودھا۔

خاص اعمال و طلسمات حضیض عطارد

تحریر
علامہ سید سبط حسن جعفری
(کوئٹہ)

سیارہ عطارد کے بارے میں اب تک میں نے جتنا پڑھا ہے نئے نئے انکشافات اور رجحانات اس سیارے کے بارے میں میرے علم میں آئے ہیں۔ جب یہ مستقیم ہو اور جس برج میں ہو کسی دوسرے سیارے کی سعد نظر اس پر پڑ رہی ہو تو اُس برج کو چار چاند لگا دیتا ہے یعنی عزت دولت مال شہرت سب کچھ ملتی ہے۔ اس سیارے کا کمال یہ ہے کہ اس کا دشمن کوئی نہیں۔ جس کے ساتھ بیٹھتا ہے اُس کے رنگ میں رنگ جاتا ہے شمس اور زہرہ کے ساتھ اس کی بنتی ہے۔ بلکہ زیادہ بنتی ہے لیکن جب یہ سیارہ نحس حالت یعنی رجعت میں ہو یا کسی نحس سیارہ کی اس پر نظر پڑ رہی ہو یا یہ سیارہ درجہ ہبوط و حضیض سے گزر رہا ہو تو سب کچھ اُلٹ کر دیتا ہے۔ مئی 2017ء میں 20 تا 21 مئی کے دوران درجہ حضیض یہ سیارہ گزرے گا۔ اس وقت اس سیارہ سے منسوب تمام اعمال منفی رجحان پیدا کریں گے مثلاً نفاق تفرقہ ڈلوانا بدکار خواتین و مرد کو سزا دینا، کسی کے سر سے عشق کا بھوت اتارنا، ناجائز ملنے والوں میں جدائی قائم کرنا اسی قسم کے دیگر اعمال بارے اس مخصوص وقت میں مدد لی جا سکتی ہے ماہنامہ تحفہ روحانیات حضیض عطارد کی ساعتیں شائع ہونگی کیونکہ اس ماہنامہ کی خاصیت یہ رہی ہے کہ کسی بھی سیارے کی اہم نظر ہو یا شرف اوج ہبوط یا حضیض اُس کے مکمل اوقات ساعتیں مع رجال الغیب شائع کی جاتی ہیں۔

چند اعمال جو کہ اس خاص وقت میں اور اس کے بعد دوسری اہم نظر مقابلہ زہرہ درحمل اور مشتری درمیزان بحالت رجعت قائم ہو رہا ہے اس اہم نظر کے تحت خصوصاً برج حمل اور برج میزان سے متعلقہ افراد محتاط رہیں کیونکہ نفاق پیدا کرنے کیلئے یا دشمن کی املاک کو نقصان پہچانے کیلئے سیارگان کی یہ نظر جلد اثر ظاہر کریگی۔ وہ خواتین جن کا تعلق برج میزان یا ثور سے ہو خصوصی طور سے صدقہ دیں حملی، ثوری، میزانی، قوسی، حوتی افراد انعامی اسکیموں میں حصہ نہ لیں۔ اس ساعت کے نحس اثرات 15 تا 22 مئی ظاہر ہونگے۔ اس نظر کے تحت بھی درج بالا امور میں مدد لی جاسکتی ہے۔ درست ساعت اور وقت ماہنامہ تحفہ روحانیات میں شائع کیا جائیگا۔ ذیل کے تمام اعمال ان دونوں خاص اوقات میں تیار کئے جاسکتے ہیں دیگر کسی قسم کی بھی معلومات درکار ہو تو ادارہ سے اجازہ عمل کے کوپن کے ساتھ اجازت لی جا سکتی ہے۔ اس سلسلہ کا پہلا عمل حاضر خدمت ہے۔

بدکار عورت

جوانی ایسی دیوانی ہے کہ اس عمر میں عورت کو مرد میسر نہیں آتا ہے تو اپنے حسن جمال سے غیر مردوں کو اپنی جانب راغب کرتی ہے وہ باہر گھومنے پھرنے لگ گئی ہے شاپنگ سینٹروں اور ڈیٹ مارنے کی عادت پڑ چکی ہے۔ بڑے بڑے ریسٹوران، سینماء اور کلب کی شوقین ہے۔ مردوں کے جلسوں یا سیاسی میٹنگ میں شریک ہوتی ہے وہ ضرور خوبصورت مردوں کی عاشق اور اس کے عشق میں گرفتار ہو جاتی ہے۔ پاکستان میں یہ مسئلہ 70 فیصد عورتوں کے ساتھ ہے خاص طور سے بڑے شہر کی بڑی عورتیں اسے فیشن کے طور پر اپناتی ہیں۔ ہمارے کوئٹہ میں ایسی عورت کو فوری گولی ماردی جاتی ہے۔ ایسی عورتوں کو اگر رد کیا جاتا ہے تو والدین کی ناز و نعم کو خیر باد کر کے راہِ فرار اختیار کرتی ہے بزرگوں کو کلنک کا ٹیکہ لگا جاتی ہے۔ پس جس مستور بے شعور کے ایسے خیالات بدنظر آئیں ان کو ان تدبیرات سے باز رکھا جائے۔ اس مقصد کے لئے ایک بڑا سا قفل (تالا) لیا جائے اور اس پر ایک ہزار ایک (1001) مرتبہ یَا قَاهِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِی لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ ہر مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور کہتا جائے کہ بستم محل مخصوص (شرمگاہ) فلاں بنت فلاں (نام عورت اور اس کی ماں کا لیا جائے سب پڑھ لینے کے بعد ایک کاغذ پر یہ عمل لکھے لکھنے کے بعد عورت اور اُس کی ماں کا نام لکھ کر اس کاغذ کو قفل کے اندر رکھ کر قفل بند کر دے اُس کو ڈوری سے باندھ کر پانی کے حوض یا کنوئیں میں ڈال دے عورت اپنی بدکرداری اور عصمت فروشی سے باز آجائے گی۔ مجرب ترین عمل ہے۔

بے حیائی کا خاتمہ

اگر کسی شادی شدہ عورت نے یہ بے حیائی اختیار کی ہوئی ہو تو یہ دوسرا عمل کام میں لایا جائے یہ سُریانی طلسم مرد اپنے عضو تناسل پر بنائے عورت سے صحبت کرے پھر وہ عورت غیر مرد سے زنا نہ کروا سکے گی۔

طاہر نیوز ایجنسی، کچہری بازار خانیوال۔ 0300-6899357 ادارہ روحانیات

ذیل کی عبارت کہ لکھ کر وزن کے نیچے دبا دیں۔

عقد تاک یا کذا وَ کذا عن الزّنا اِلّا عَلٰی زوجک فلان بنت فلانۃ کذا و کذا کی جگہ اپنا اور اپنے والد کا نام لکھا جائے۔ اور فلاں فلاں کی جگہ عورت اور اس کی ماں کا نام لکھنا چاہئے۔

عمل نمبر 2:۔ حضیض عطارد کی خاص ساعتوں میں چڑیا کے خون میں سہاگہ پیس کر ملائے اور اپنے بدن پر لگا کر زنا کار عورت سے ہمبستری کی جائے دوسرے سے ہمبستر ہونا پسند نہ کرے گی۔

ناکام محبت کا علاج

جس شخص کا دل کسی مرد یا عورت سے محبت کرتا ہو اور وہ ہاتھ نہ آئے۔ اس عاشق کے دل میں رنج و غم زیادہ ہو تو اُسے چاہیے کہ ایسی مصیبت سے بچے اپنے آپ کو کسی دوسرے شغل میں مصروف کرے۔ ملازمت، تجارت، سیاحت، صنعت، حرفت یا اچھے دوستوں کی صحبت اختیار کرے تا کہ خیال بدل جائے۔ ورنہ ان عملیات میں سے اعمال کریں۔

پہلا علاج: ۔ یہ حروف تین دن تک ہر روز تین مرتبہ صبح دوپہر شام کو کسی پیالے چینی یا ہاتھ کی ہتھیلی پر کالی سیاہی سے لکھے اور زبان سے چاٹے

یکمواش یکمواش جالھرش ویکموش اللّٰھُمَّ کَمَا تَمحِی ھٰذِہِ الاَسمَآء امح مُحَبَّۃُ کَذَا وَکَذَا مِن قَلبِ کَذَا اَو کَذَا

اے اللہ جس طرح چاٹنے سے یہ الفاظ مٹ گئے اس طرح تو میرے دل سے فلاں کی محبت مٹا دے۔ کذا کذا کی جگہ اپنا نام مع والد اور محبوبہ کا نام مع والدہ تحریر کریں۔

دوسرا علاج: ۔ یہ کلمے تھوڑے سے کپڑے کفن پر لکھ کر بکری کے سینگ کو خالی کر کے اس میں رکھ کر موم سے بند کر دیں اور پرانی قبر میں ہفتہ کے روز (شنبہ) سورج نکلتے نکلتے دفن کر دیں کیسا ہی عشق اور محبت ہو محو ہو جائے۔

تعد افلح ۲ لطلطلم ۲ سلسلم وَ قِیلَ الیوم ننساکم کما نسینم لقاء یومکم ھذا کذا لک تنسٰی کذا کذا من کذا ینلس منک کما یئس الکفّار من اصحاب القبور ط قال رب لم حشرتنی اعمٰی وقد کنت بصیرًا ط قال انتک اٰیاتی فنسیتھا کذالک الیوم تنسٰی ط

ترجمہ: ۔ آج تم کو ویسے ہی بھول گئے جیسے تم نے ہماری آج کے دن کی ملاقات کو فراموش کر رکھا تھا۔ اسی طرح فلاں بھول جائے فلاں عورت کو اور اسی طرح وہ مایوس ہو جائے مجھ سے جیسے کافر قبر والوں سے نا اُمید پھرتے ہیں۔ وہ کہے گا اے رب تو نے مجھے اندھا کیوں اُٹھایا۔ میں تو دنیا میں دیکھتا تھا اللہ تعالیٰ فرمائے گا تیرے پاس میری آیات آئیں مگر تو نے اُن کو فراموش کر دیا۔ اسی طرح آج تو فراموش کر دیا گیا ہے۔

محبت ختم کرنا

جو کوئی شخص کسی عورت پر عاشق ہو اور اپنے عشق کے ظاہر ہونے سے فضیحت اور بدنام ہونے کا خیال ہو اور اس اَمر کی تمنا ہو کہ میرا عشق جاتا رہے تو چاہیے کہ آیت الکرسی چینی کے برتن میں مشک اور زعفران کے پانی میں گھول کر تین دن لکھ کر مع نام اس لڑکی کے جس کی محبت کو چاہے کہ چھوٹ جائے رات کو آسمان کے نیچے ستاروں کے سایہ میں رکھے اور صبح کو پی لیا کرے تین دن پینے سے حالت درست ہو جاتی اور محبت جاتی رہتی ہے۔

دونوں میں علیحدگی ہو جائے

حضیض عطارد کی ساعت میں دو شخصوں میں علیحدگی کرانی ہو تو بکری یا بکرے کے شانہ کی ہڈی ثابت لے وہ نہ لے جو قصائی توڑ کر پھینک دیتے ہیں اُس پر یہ آیت شریف لکھ کر پرانی قبر میں دفن کر دے۔

بِسمِ اللّٰہِ اکبر وَاَلقَینَا بَینَھُمُ العَدَوَتَ والبَغضَآءَ اِلٰی یَومِ القِیٰمَۃِ نیچے لکھے کہ فلاں عورت فلاں سے فلاں مرد فلاں دونوں میں قیامت تک کے لئے عداوت ہو جائے۔

دونوں میں عداوت ہو جائے

بوقت حضیض عطارد اس آیت کو روٹی پر لکھ کر کھلائے۔ **بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ بَلَغَتِ التَّرَاقِیَ وَقِیلَ مَنۡ رَاقٍ وَّ ظَنَّ اَنَّہُ الۡفِرَاقُ** فلاں بن فلاں اور فلانی بنت فلاں میں عداوت ہو۔

مجرب غم جدائی

عمل لوہے کو اس قدر گرم کریں کہ خوب سرخ ہو جائے پھر اُس کو ٹھنڈے پانی میں بجھا دیں۔ بجھاتے وقت یہ کہا جائے کہ جیسے یہ لوہا گرم ٹھنڈے پانی میں سرد ہوتا ہے۔ اسی طرح فلاں مرد کا دل فلانی عورت کی

طرف سے ٹھنڈا کردے اس طرح تین مرتبہ ٹھنڈا کریں اور بجھادیں پھر اُس پانی سے عاشق کا منہ دھودیں اور کچھ چھینٹے پانی کے سینے پر ماریں۔ تین دن اس عمل کو روزمرّہ اسی طرح کریں۔ عاشق کے دل سے معشوق کی محبت جاتی رہیگی۔

عشق کا بھوت اتر جائے

حضیف عطارد کی ساعت میں وہ سنگ مرمر جو کسی مردہ کی قبر پر اس کی وفات کی تاریخ لکھ کر لگایا کرتے ہیں اُس میں سے ایک ٹکڑا لے کر اور اُس کو پانی سے دوسرے پتھر پر گھسیں اور گھستے وقت نیت جدائی عاشق و معشوق کی جائے اور عاشق کو اُس کی بے خبری میں پلادیں یا کسی چیز میں ملا کر کھلائے۔ جس کسی سے عشق ہوگا وہ رفع ہوجائے گا۔

محبت نفرت میں بدل جائے

کوری ہانڈی مٹی یا مٹکی لے کر اس معشوقہ عورت کے سر کے بال جس پر مرد عاشق ہے اس ہانڈی میں ایسے جلائیں کہ دھواں باہر نہ جائے۔ پھر اُس ہانڈی میں پانی ڈال کر وہ پانی مرد کو پلائیں۔ اُس عورت کا عشق اس مرد کے دل سے جاتا رہے گا۔ بلکہ ایسی نفرت ہوجائے کہ کبھی اس کے دیکھنے کو دل نہ چاہئے۔

خاوند بد کاری پر قادر نہ ہو

کوئی عورت یہ چاہے کہ میرا خاوند کسی دوسری عورت سے زنا نہ کر سکے تو اس عورت کیلئے یہ اسمائے پاک کسی کاغذ پر لکھ کر دیا جائے وہ تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے۔

786 عقدت سمعك و بصرك و ذكرك لا يقوما لا في الحلال بحق هذه الاسماء ١٣٦٨ح٧١٧١٧١٧١٥٥٤١١١١٦ اَجيبوا يَاخُدَّامَ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ لِعقدذكر فلان عن الحرام

ترجمہ:۔ کہ میں نے تیرے کان آنکھ اور ذکر کو باندھ دیا ہے حلال کے سوا کھڑے نہ ہوں گے فلاں کی جگہ نام مرد کا لکھا جائے۔

زانیوں میں تفرقہ ڈالنا

حضیف عطارد کے وقت جس مرد زانی اور عورت زانیہ میں جدائی ڈلوانی ہو تو ایک سبز درخت کی ٹہنی (شاخ) پر سات مرتبہ یعنی سات جگہ لفظ بدوح لکھے پھر اُس کو کاٹنا شروع کرے اور کاٹتے وقت یہ الفاظ کہتا رہے

قطعت قلب فلان عن فلان (مرد کا نام مرد کے باپ کا نام لکھا جائے) مُحَبَّةً فلاں عن فلاں عورت کا عورت کی ماں کا نام لیا جائے) پھر اُس ٹہنی کو پرانی قبر میں دفن کرے اور دفن کرتے وقت یہ آیت پڑھے

اليوم ننساكم كما نسيتم لقاء يومكم كذالك اليوم تنسى فلان بن فلانا ء محبة فلانة بنت فلانة يموت قلبة كما مات عليهم صاحب هذا القبر یہاں بھی نام مرد اور اُس کے والد کا اور عورت اور اُس کی والدہ کا لیا جائے۔

ایک مجرب عمل

اونٹ کے جسم پر مکھی جیسا جانور جو بیٹھتا ہے اور اس کو کلینی اور کلیلہ کہتے ہیں حضیف عطارد کے وقت پکڑ کر مار دیں جب موقع ملے عاشق کی آستین پر اُس کی بے خبری میں دو چار مل دیا کرے۔ اور کسی بہانہ سے اس کے بازو پر بطور تعویذ باندھ دیا جائے تو دوسری عورت کی طرف سے اس کا دل پھر جائے۔

ترک عشق کیلئے

ان تمام اعمال کو حضیف عطارد کے وقت تیار کریں۔ اُس دُھلے ہوئے کپڑے کا پلانا پانی جو معشوق کی گردن سے بندھا ہوا ہو یا کرتی وغیرہ پٹی گلے کی ترک پٹی عشق نامراد کے خاتمہ کیلئے مفید ہے۔

عمل نمبر 2: کسی قتل کئے ہوئے شخص کی قبر سے تھوڑی مٹی لے کر پانی میں پیس کر پلائی جائے کیسی ہی معشوق سے محبت ہو چھوٹ جاتی ہے۔

عمل نمبر 3: قبرستان میں زیادہ بیٹھنے سے بھی عشق جاتا رہتا ہے۔

عمل نمبر 4: شربت باورنجبو یہ صبح و شام دو تین تولہ پینے سے بھی عشق سے رہائی پاتا ہے۔

عشق کا نشہ اتارنا

جو عاشق اپنا عشق دور کرنا چاہئے اُس کو مناسب ہے کہ جس جگہ خچر یا خچری لوٹتے ہوں بوقت حضیف عطارد اس جگہ کی مٹی اُٹھا کر ہاتھوں پر مل لے عشق رفع ہوجائے۔ اگر مرد یا لڑکے پر عاشق ہے نر خچر کے لوٹنے کی جگہ کی مٹی استعمال کرے اور اگر عورت پر عاشق ہے تو مادہ خچر کی جگہ لوٹنے کی جگہ کی مٹی استعمال کرے کیسا ہی عاشق زار ہو عشق کا ذوق شوق محو ہوجائے گا۔

شریک حیات کا انتخاب کریں

تحریر
ایس اے شہزاد
(پشاور)

قارئین تحفہ روحانیات کیلئے اس بار ایک ایسے مسئلہ کا حل لے کر حاضر ہوا ہوں جس کا تعلق ان کی زندگی کے اہم موڑ سے ہے، ذرا سی لاپرواہی کی وجہ سے زندگی جہنم بن جاتی ہے اور ذرا سی احتیاط سے زندگی بھر سکون میسر آتا ہے یہ ایسا مسئلہ ہے جس بارے حل کے لئے اکثر و بیشتر میرے پاس سائل آتے ہیں اور تقریباً ہر مرد و عورت کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے جیون ساتھی کے ساتھ تا حیات ہنسی خوشی رہے۔

برج حمل: ۔ پہلا برج ہے جلد غصہ کر جانے والے اور جلد نرم ہو جانے والے افراد ہوتے ہیں ان لوگوں کے لئے برج اسد، قوس سے متعلق شریک حیات موافق رہیں گے۔ جوزا دلو والے بھی بہتر شریک حیات بن سکتے ہیں جبکہ ثور، سنبلہ، عقرب، حوت والوں سے دور رہیں۔ برج سرطان، میزان، جدی غیر موافق ہیں۔

برج ثور: ۔ بہت ہمت اور طاقت والے افراد ہوتے ہیں ان کے لئے سنبلہ، جدی موافق جیون ساتھی بن سکتے ہیں۔ سرطان اور حوت والے بھی موافق ہیں۔ حمل، جوزا، میزان، قوس والوں سے ہرگز شادی نہ کریں۔

برج جوزا: ۔ میزان، دلو والے بہترین شریک حیات بن سکتے ہیں۔ حمل، اسد موافق رہتے ہیں۔ ثور، سرطان، جدی، عقرب سے ہرگز شادی نہ کریں۔ سنبلہ، سرطان، حوت والے سے ہرگز شادی نہ کریں۔

برج سرطان: ۔ حساس مزاج اور حساس طبعیت لوگوں کا برج ہے ان سے عقرب، حوت والے شادی کر سکتے ہیں۔ ان کیلئے برج ثور، سنبلہ والے موافق رہیں گے۔ جوزا، اسد، قوس سے ہوشیار رہیں۔ برج حمل، میزان، جدی والے آپ کیلئے بہترین شریک حیات نہیں بن سکتے۔

برج اسد: ۔ حمل، قوس والے بہترین رہیں گے۔ جوزا، میزان والے بھی بہتر رہیں گے۔ سرطان، سنبلہ، حوت، دلو والوں سے دور رہیں۔

برج سنبلہ: ۔ ثور، جدی، سرطان، عقرب موافق رہیں گے۔ حمل، اسد، میزان، دلو والے بہترین شریک حیات نہیں بن سکتے جبکہ جوزا، برج قوس والے دشمن بروج ہیں۔ ان کو شریک حیات نہ بنائیں۔

برج میزان: ۔ برج جوزا اور دلو والے بہترین جیون ساتھی بن سکتے ہیں۔ اسد اور قوس والے بھی بہتر رہیں گے۔ ثور، سنبلہ، عقرب، حوت والوں سے ہرگز شادی نہ کریں۔ حمل، سرطان، جدی والوں سے دور رہیں۔

برج عقرب: ۔ برج سرطان اور برج حوت والے بہترین شریک حیات۔ سنبلہ، جدی والے بھی موافق رہیں گے۔ حمل، جوزا، میزان، قوس سے دور رہیں گے۔ ثور، اسد، دلو والوں سے ہوشیار رہیں۔

برج قوس: ۔ حمل اور اسد والے بہترین جیون ساتھی بن سکتے ہیں۔ میزان، دلو والے بھی بہتر رہیں گے، ثور، سرطان، عقرب، جدی والوں سے دور رہیں۔ ثور، اسد، دلو والوں سے ہوشیار رہیں۔

برج جدی: ۔ سنبلہ، ثور بہترین جیون ساتھی بن سکتے ہیں، عقرب، حوت والے بھی بہتر رہیں گے۔ اسد، قوس، دلو والوں سے ہوشیار رہیں۔

برج دلو: ۔ برج جوزا، برج میزان والے بہترین جیون ساتھی بن سکتے ہیں۔ ثور، سرطان، عقرب، جدی والوں سے بہترین جیون ساتھی بن سکتے ہیں۔ ثور، اسد والوں سے دور رہیں۔

برج حوت: ۔ سرطان، عقرب والے ان کے بہترین جیون ساتھی بن سکتے ہیں جبکہ ثور، جدی، سرطان والے بھی موافق رہیں گے جبکہ حمل، اسد، میزان اور دلو والوں سے ہرگز شادی نہ کریں۔

دوسرا طریقہ

(1) آتشی بروج: حمل، اسد، قوس والے آتشی بروج ہیں۔
(2) بادی بروج: جوزا، میزان، دلو والے بادی بروج ہیں۔
(3) آبی بروج: حوت اور سرطان اور عقرب والے آبی بروج ہیں۔
(4) خاکی بروج: ثور، سنبلہ اور جدی والے خاکی بروج ہیں۔

آتشی x آتشی =	دوست
آتشی x بادی =	دوست
خاکی x آبی =	دوست
آتشی x آبی =	دشمن
آتشی x خاکی =	دوست
آبی x آبی =	دوست

ملک اللہ بخش نیوز ایجنٹ، ٹریفک چوک ڈیرہ غازی خان ادارہ روحانیات

مجرب حاضرات

تحریر
خضر عباس بیاسی
(راجن پور)

اس بار بھی ہمیشہ کی طرح مختلف سورتوں کی حاضری کے ساتھ حاضر ہوا ہوں اُمید کرتا ہوں کہ پہلے کی طرح اس بار بھی آپ میری حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

حاضرات سورۃ الضحی

موکل **جلشغائیل** کی حاضرات کا عمل اُن خواتین وحضرات کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا جو خلق خدا کی خدمت کرنا چاہتے ہوں موکل ہذا کی حاضرات کا عمل وسورت اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں گے انشااللہ تعالیٰ بہت جلد موکل ہذا کی حاضری ہوگی حاضر ہونے پر اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں

اَجِبْ یَا جلشغائیل بِحَق سورۃ الضحی بِحَق الحی القیوم المعطی اَجِبْ یَا جلشغائیل بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) حاضر کرو حاضرات سب حکم میں دوھائی پنجتن پاک

جبرائیل	۷۸۶	عزرائیل
ال م ع ط ی	اللہ	ال ق ا د ر
ا ل ل ہ		ا ل ل ہ
ط ا ا م ا ا ط		ط ا ا م ا ا ط
ا ل ل ہ		ا ل ل ہ
ال م ع ط ی		ال ق ا د ر
اسرافیل		میکائیل

ط ا ا م ا ا ط

حاضرات سورہ الزلزال

موکل طلذ غائیل کی حاضرات کا عمل اُن خواتین وحضرات کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا جو خلق خدا کی خدمت کرنا چاہتے ہوں موکل ہذا کی حاضرات کا عمل و سورت اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں گے۔ ان شااللہ تعالیٰ بہت جلد موکل ہذا کی حاضری ہوگی۔ حاضری ہونے اپنے مقصد کے مطابق سوالات کریں۔

اجب یا طلذ غائیل بحق سورۃ بحق الحی القیوم المطعی اجب یا طلذغائیل بحرمت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)
حاضر کرو حاضرات سب حکم میں دوھائی پنجتن پاک

جبرائیل	۷۸۶	عزرائیل
ال م ع ط ی	اللہ	ال ق ا د ر
ا ل ل ہ		ا ل ل ہ
بدوح		بدوح
ا ل ل ہ		ا ل ل ہ
ال م ع ط ی		ال ق ا د ر
اسرافیل	۱۲۹	میکائیل
۲۹		۲۰

حاضرات اسم الھیٰ الباطن

اسم الھیٰ الباطن کی حاضرات آسان بھی ہے اور مشکل بھی آسان ان لوگوں کیلئے ہے جو طلب، صبر اور محنت سے کام لیں گے اور مشکل ان لوگوں کیلئے جو صرف خیالی دُنیا میں رہتے ہوئے بغیر طلب اور محنت سے اسے حاصل کرنا چاہیں گے۔ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے اس حاضرات کے عمل کو کریں ان شااللہ تعالیٰ کامیابی وکامرانی آپ کے قدم چومے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اجب یا بسائیل بحق یا الباطن حاضر کرو حاضرات بحرمت بحق سلیمان بن داود السلام بحرمت محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

۷۸۶

اللہ	بحرمت جبرائیل	اللہ
ف		ف
اللہ	بحرمت میکائیل	اللہ
۲۰	۴۸۹	۲۰

کالے علم ہانڈی والے عمل کا توڑ

تحریر
شیخ عبدالخالق عباس
(کراچی)

قارئین محترم السلام علیکم! میں ایک ایسا کالا علم کے بارے میں بتاتا ہوں جو آپ کو کافی حیران کرے گا۔ کالا علم میں ہانڈی کے ذریعہ کئی قسم کے عمل ہوتے ہیں۔ لیکن میں کچھ خاص ہی بتاؤں گا جو زیادہ استعمال ہوتا ہے اور وہ عمل بہت مشہور بھی ہے۔ ہانڈی کا کالا علم میں ایک چھوٹی ہنڈیا لی جاتی ہے یہ چھوٹی سی ہوتی ہے پوری کالی رنگ کی۔ ہانڈی کا عمل جس کے لئے کیا گیا ہے وہ تین یا سات دن میں مر جاتا ہے اور کئی کالے عامل اس عمل کی تکمیل کے لئے مردے کا گوشت، گندا حیض کا کپڑا، مرے ہوئے جانور کا گوشت اور دانت کا استعمال کرتے ہے۔ یہ تمام اشیاء ہانڈی میں ڈال کر ڈھکن لگا کر اس پر پڑھائی کرتے ہیں۔ جس کو مارنا ہو اس کے لئے یہ عمل کیا جاتا ہے۔ یہ ہنڈیا کچھ دیر بعد عامل کے پاس سے اُڑ کر جس کے لئے کرنا ہوتی ہے اس کے گھر میں جا کر گرتی ہے اور اسی وقت کالا علم اپنا اثر دکھانا شروع ہو جاتا ہے اگر جس کے لئے یہ عمل کیا گیا ہے اور وہ توڑ نہیں کروایا گیا تو کچھ ہی دنوں میں اس کی موت واقع ہو جاتی ہے یہ عمل بہت خطرناک کالا علم ہے یہ پہلا ہنڈی کا عمل ہے۔

دوسری عمل ہانڈی والا ہنڈیا سے جادو ہوتا ہے اور ہنڈیا پر پڑھائی کالے علم والی کر کے قبر میں گرا دیا جاتا ہے اور پھر آہستہ آہستہ سائل سخت بیمار ہو جاتا ہے۔ تیسرا کالا علم ہنڈی پر پڑھائی کی جاتی ہے اور اُس کو گندے نالے میں پھینک دیا جاتا ہے ایسے کئی قسم کے جادو ہیں۔ ہانڈی کے جادو کی علامات میں ذیل کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

(1) چہرے کا رنگ کالا ہو جاتا ہے۔
(2) چہرے پر دانے نکل جاتے ہیں
(3) شدید طبیعت خراب ہو جاتی ہے
(4) جسم میں سوئیاں چبھنا
(5) جسم میں سے جان نکلنا، جیسے کوئی روح کو نکال رہا ہو۔
(6) دل کی دھڑکن کا اچانک تیز ہو جانا۔
(7) سر میں درد اور سر کا بھاری ہو جانا۔

ہانڈی کے کالا علم کا توڑ میں بتاتا ہوں، اس قسم کا کالا علم کا توڑ کافی مشکل ہوتا ہے۔ اگر ہنڈی گھر میں گری ہے تو گھر کا کوئی بھی فرد اس کو ہاتھ مت لگائے جو بھی ہاتھ لگائے گا وہ سخت بیمار ہو جائے گا ایسے گھر والوں کو چاہئے کہ اُس وقت کسی اچھے اور تجربہ کار عامل سے رابطہ کرے اور اگر عامل نہ مل سکے تو میں اس کا آسان توڑ بتاتا ہوں، ان شاء اللہ عمل رد ہو جائے گا اور جس نے ہنڈیا بھیجی ہوگی عمل لوٹ جائے گا، گھر میں یا موبائیل یا CD Player یا کمپیوٹر میں سورۃ بقرہ کی تلاوت چلائیں، تیز آواز سے کم از کم 6 گھنٹے اور اس کے ساتھ سورۃ یٰسین 2 بار، سورۃ مریم، سورۃ بقرہ وغیرہ۔ ان سورتوں کو پانی پر 5 بار دم کر کے اس ہانڈی کے اندر ڈال دیں۔ 7 گھنٹے کے اندر عمل ضائع ہو جائے گا اور ہانڈی کو فوراً سمندر میں پھینک دیں تھوڑا اثر ہوگا مگر سائل ہر نماز کے بعد سورۃ فلق 300 بار پڑھے، سینے پر دم کریں اور چلتے پھرتے **یا حی یا قیوم** پڑھے۔ چار راتوں تک اپنا حصار خاص کرے سوا کلو گوشت کا صدقہ دیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کے گندے کالے علم کی نحوست سے تحفظ میں رہیں گے۔ مجھے یقین ہے آپ تمام قارئین ہانڈی والے عمل کے توڑ کو سمجھ چکے ہوں گے یہ بہت گندا علم ہے مگر اس کا توڑ مجھے اپنے خاندان کے بزرگوں سے حاصل ہوا ہے۔ مجھے اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

لوح مشتری

عزت، مال و دولت، انعامی چانس میں مکمل کامیابی 12 سال بعد مشتری کی طاقت میں تیار کی جانے والی حصول مال وزر کا خزانہ۔
اس لوح کی برکت سے غیب سے مال حاصل کرنے کے راستے کھل جاتے ہیں۔

لوح منگوانے کیلئے آج ہی ادارہ سے رابطہ کریں
0300-6351192 ہدیہ لوح 7200 روپے

کمالاتِ سورۃ توحید

تحریر:۔ حکیم مولانا عتیق الرحمان ضیاء (کراچی)

﴿چاند کے اثرات برج حمل تا حوت﴾ گذشتہ سے پیوستہ

محترم قارئین تحفہ روحانیات السلام علیکم!

اس ماہ آپ حضرات کیلئے سورہ اخلاص کے اعمال لے کر حاضر خدمت ہوں اس چھوٹی سے سورۃ کے کئی فضائل اہل اللہ کے تجربات میں آئے مگر اصل اور حقیقی سند تو خود آقائے دو جہاں فخر کون ومکاں ﷺ کے ارشادات میں سے چالیس صحیح احادیث سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قل ھواللہ احد برابر ثلث قرآن کے ہے۔ آپ ﷺ نے ایک صحابی کو پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا اس کے لئے جنت واجب ہوگئی۔ ایک روایت میں ہے کہ جو اس سورۃ کو دس بار پڑھے۔ اس کے لئے ایک قصر جنت میں تیار ہوتا ہے اور جو بیس (20) بار پڑھے۔ اس کے لئے دو۔ اسی طرح زیادہ ہوتے جاتے ہیں۔ اس کے الفاظ کو آپ ﷺ نے اسم اعظم فرمایا ہے۔

قرطبی نے کتاب التذکرہ میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس کو مرض الموت میں پڑھے گا۔ وہ فتنہ قبر سے محفوظ رہیگا اگر گھر میں جاتے وقت قل ھواللہ احد اور درود پاک کی پابندی کی جائے۔ تو رفع فقر اور حصول ترقی رزق کا اچھا ذریعہ ہے

رسول اللہ ﷺ جب سوتے بستر پر تشریف لے جاتے تو قل ھواللہ اور معوذتین تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر پھونکتے اور ہاتھ بدن پر پھیرتے۔ یہ وہ سورۃ ہے کہ بھوکا پڑھے تو شکم سیر ہوجائے اور مفلس پڑھے تو غنی ہوجائے۔ اس سورۃ اسم صمد میں لائق ارباب ریاضت ہے بعض کا تجربہ ہے کہ اسم الٰہی یا صمد کو 134 بار پڑھنا ظالم کے ظلم وزیادتی کے رفع کرنے کے لئے مفید ومجرب ہے اگر انسان کسی کام میں پریشان ہوجائے اور چاہئے کہ اللہ کی طرف سے کوئی غیبی مدد مل جائے کہ اس کو ہر حیثیت سے کامیابی ہو تو یہ طریقہ بے حد مجرب ہے جمعہ کی شب کو بعد نماز عشاء قل ھواللہ 66 مرتبہ پڑھے اور پھر یا اللہ 5631 مرتبہ پڑھے۔ پھر ماشاء اللہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوئی فرشتہ ایسی آسان صورت تعلیم کرے گا جس سے وہ کام ایک ہفتہ میں حسب منشاء ہوجائے گا۔

قضائے حاجات کیلئے اس کا یہ عمل بھی مجربات سے ہے کہ نماز مغرب وعشاء کے درمیان اس کو ایک ہزار ایک مرتبہ 11 دن تک پڑھے اور درود شریف اول آخر 11 بار پڑھے اور پھر سات بار یہ کہے

"یا مَنْ لا یخفیٰ عَلَیْکَ حالی اقض حاجتی"

انشاء اللہ جو حاجت ہو وہ پوری ہوجائے گی۔ تسخیر خلائق کے لئے اس کو چالیس دن تک 313 بار پڑھنا مفید ہے۔ چاند یا سورج گرہن میں بنیت زکات اس سورۃ کو 313 مرتبہ پڑھے اور ہر مرتبہ آخر میں بحق (یاوَدُودُ) بھی پڑھیں ایک سال کی زکات ادا ہوجائے گی اور پڑھنے والا ایک سال تک اس عمل کا عامل کہلائے گا۔

محبت والفت پیدا کرنے یا گھریلو ناچاقی ختم کرنے کیلئے:۔ 11 بار پڑھ کر پانی یا شکر پر دم کر کے پلانا یا کھلانا بہت مفید ہے اس کے علاوہ رزق کی کشادگی، فکر وفاقہ سے نجات کے لئے اسم اللہ الصمد 1100 مرتبہ پڑھنا بے انتہا مجرب ہے نیز بزرگوں سے منقول ہے کہ جو کوئی اس سورۃ توحید کا آٹھ در آٹھ خانوں کا تکسیری نقش سعد اوقات میں مشک زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے یا دوکان ومکان میں لگائے تو ہمیشہ وسوسہ وشر شیطان سے محفوظ رہے اور ہر طرح کا سحر اس پر اثر نہ کرے گا رزق وایمان میں ترقی نصیب ہوگی۔

عزیزان من دیا گیا نقش اسی طرز پر آٹھ در آٹھ خانے بنالیں اور سیدھے ہاتھ کی طرف اوپر پہلے خانے میں لفظ (قُل) لکھ کر ترتیب سے سورۃ پڑھتے ہوئے نقش آخر تک پُر کرلیں نقش کے اُصول وقوائد کو مدنظر رکھ لیں تاکہ فیوض وبرکات کا حصول بھی ممکن ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ	اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ	اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ
اللّٰهُ	اَحَدٌ	اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ
اَحَدٌ	اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ
اللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ
الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ
لَمْ	يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا
يَلِدْ	وَلَمْ	يُوْلَدْ	وَلَمْ	يَكُنْ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

ادارہ روحانیات
مقبول عام کتب خانہ، اردو بازار اٹک 0321-5715076

عزیزان من چاند کے اثرات حمل تا حوت کے عنوان سے آپ نے پچھلے کالمز میں طالع برج حمل، ثور، جوزا والوں کیلئے چاند کے اثرات مطالعہ کیا اب اگلے طالعات کو پڑھیں۔

طالع برج سرطان

طالع برج سرطان والوں کیلئے قمر ان کے پہلے گھر کا حاکم ہو کر ان کا ذاتی ستارہ ہے۔ اگر یہ زائچہ میں اپنے یا سعد گھروں میں مضبوط ہو یا شرف یافتہ ہو تو ایک مضبوط مشتری کے ساتھ مل کر اچھی صحت عطا کرتا ہے اس کے علاوہ قمر کی مضبوطی پر انحصار کرتے ہوئے ترقی، رتبہ، درازی عمر، گھریلو خوشیاں، فروانی اور شناخت عطا کرتا ہے اور اگر قمر زائچہ میں نحس جگہ واقع ہو یا نحس ستاروں سے متاثر ہو تو مختلف حادثات، غربت، جذباتی پن، پریشانیاں، بلغمی امراض پیدا کرتا ہے اس صورت میں تدارک کے لحاظ سے زحل، مشتری، راہو، کیتو کے صدقات اور قمر کو تقویت دینے کیلئے لوح یا خاتم قمر سعد وقت میں پہننا مفید ہے۔

طالع برج اسد

طالع برج اسد والوں کیلئے قمر بارہویں گھر کا مالک ہو کر نحس اثر دینے والا ستارہ ہے مگر جب یہ کسی گھر یا دوسرے کسی سیارے کو متاثر نہ کرے اور مضبوط پوزیشن بھی رکھتا ہو تو صاحب زائچہ کو آرام و آسائش، ذہنی سکون، اور غیر ممالک میں اچھی زندگی عطا کرتا ہے، اگر کمزور ہو یا راہو کیتو سے متاثر ہو تو اوسط و پریشان کن ازدواجی زندگی پیدا کرتا ہے تدارک کے لحاظ سے ہر پیر کو قمر سے منسوب صدقات ادا کریں اور مخصوص سیاروں کی تقویت کیلئے الواح یا اسٹون سے فائدہ اٹھائیں۔

طالع برج سنبلہ

طالع برج سنبلہ والوں کے لئے قمر گیارہویں فوائد و آمدنی کے گھر کا مالک سیارہ ہے۔ قمر زائچہ میں شرف یافتہ و مضبوط حیثیت کا مالک ہو تو صاحب زائچہ کو غیر ممالک میں کامیابی، مالی فوائد، خواہشات کی تکمیل اور اچھی آمدنی عطا کرتا ہے۔ اگر سنبلہ والوں کا قمر کمزور ہو یا کسی منحوس سیارے سے متاثر ہو تو کم آمدنی، ادھوری خواہشات، جائیداد کے مسائل اور ذہنی سکون سے محرومی پیدا کرتا ہے تدارک کے لحاظ سے لوح قمر یا خاتم قمر پہنیں اور منحوس سیاروں کا صدقہ ادا کریں۔

طالع برج میزان

طالع برج میزان والوں کیلئے قمر دسویں گھر کا حاکم سیارہ ہے۔ زائچہ میں مضبوط پوزیشن میں یا شرف یافتہ ہو تو صاحب زائچہ کو آرام و آسائش، پیشہ ورانہ خوشیاں، اچھا کاروباری پیشہ اور شہرت عطا کرتا ہے اور اگر قمر خراب جگہ موجود ہو یا نحس سیاروں سے متاثر ہو تو بار بار پیشے میں تبدیلی، ذہنی سکون سے محرومی ماں یا بیوی کو پریشانی، پیشہ وارانہ معاملات میں نقصانات اور جوڑوں کے درد کا باعث بنتا ہے تدارک کے لحاظ سے قمر کو تقویت دینے کیلئے لوح قمر اور منحوس اثرات رکھنے والے سیاروں کے صدقات ادا کریں۔ (باقی آئندہ)

خاص لوح شرف مشتری

سیارہ مشتری عزت، مال و دولت کا سیارہ کہلاتا ہے جب اس سیارے کا عروج کسی بھی شخص کے زائچہ میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مال و دولت میں کھیلتا ہے اور خوشحالی کی زندگی بسر کرتا ہے اور اگر کسی شخص کے زائچہ پیدائش میں یہ سیارہ نحس یا خراب حالت میں ہو تو ایسا شخص تمام عمر مفلسی بیروزگاری پریشانی اور مال و دولت میں کمی کا شکار رہتا ہے۔

اکثر و بیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ مالی لحاظ سے کمزور ہوتے ہیں اُن کے زائچہ پیدائش میں مشتری بھی کمزور ہوتا ہے اس سیارے کی نحوست کو ختم کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ہر بارہ سال بعد ایک موقع دیا ہے اس خاص موقع سے اہل علم فائدہ اُٹھاتے ہیں اور وہ لوگ جن کے زائچہ پیدائش میں سیارہ مشتری کمزور ہو اُن کو خاص وقت شرف مشتری جو کہ 12 سال بعد 1 بار آتا ہے اس میں لوح مشتری تیار کر کے دیتے ہیں اس لوح کی برکت سے میرے ذاتی مشاہدہ میں آیا ہے کہ غربت مفلسی بیروزگاری اور مالی مشکلات کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ گزشتہ 12 سال قبل بے شمار لوگوں کو لوح مشتری تیار کر کے دی اور اس لوح کی برکت سے پریشان حال لوگوں کی اللہ تعالیٰ نے پریشانیاں ختم کر دی رزق روزی میں اضافہ ہوا اور آج وہ لوگ جنہوں نے لوح مشتری اپنے پاس رکھی خوشحال اور پُرسکون زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ لوگ جو کہ فوری طور پر مالی مشکلات سے نجات چاہتے ہیں اس قیمتی اور نایاب وقت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ لوح مشتری آج ہی ادارہ سے بک کروائیں۔

ہدیہ 7200 روپے

آسان مجرب عملیات

تحریر
صوفی ظفر محمد کھوکھر
جھنگ صدر

تسخیر ہمزاد مجرب قرآنی عمل رات کو دریا کے کنارے وضو کر کے رات بارہ بجے سے لے کر اذان فجر سے پہلے تک منہ دریا کی طرف کر کے لاتعداد اس قرآنی آیت کا وظیفہ کیا کرے پرہیز جلالی جمالی ساتھ ہوا کیس (21) دن میں ہمزاد حاضر ہو کر بات کرے گا شرائط طے کر لیں۔ یہ ہمزاد شادی نہ کرنے کی شرط لگاتا ہے یا ہمیشہ پاک رہنے کی شرط لگاتا ہے اس شرط کو منظور نہ کریں جو آسان شرط آپ کو لگے وہ منظور کریں ہمارے چچا ولی داد جو اب فوت ہو چکے ہیں انہوں نے پاک پورا ہفتہ رہنے کی منظور کی تھی لیکن اس پر عمل نہ کر سکے اُن کو اس نے ہمیشہ تنگ کئے رکھا اس لئے آپ کو سمجھایا جا رہا ہے کیوں کہ عمل وہ لکھنے چاہئیں جس کا لکھنے والے کو تجربہ ہوتا تا کہ کوئی پریشانی میں عمل کر کے مبتلا نہ ہو جائے اور عمل سے بدظن نہ ہو۔ آگے صاحب عمل کی اپنی مرضی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْم

اسی آیت سے تسخیر خلائق کا کام بھی لیا جا سکتا ہے۔ اجازت شرط ہے

کاروبار چلانا، یا ہر شخص آپ کا دیوانہ

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْم

پڑھا کریں۔ اور نماز فجر کے بعد زوال سے پہلے 313 بار تین سو تیرہ بار یہی کلام پڑھا کریں لیکن اس سے پہلے گیارہ بار درود شریف گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھ کر تمام اُمت محمدیہ کے مسلمان مرد عورت مومن مرد عورت کو ثواب پہنچا کر کلام پڑھا کرے دوسرے ماہ سے اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھے گا لوگ جوق در جوق دم کرانے تعویذ لینے آنا شروع ہوں گے لیکن دولت جمع کرنے کا لالچ نہ کرے۔ اس کا عمل شروع کرنے سے پہلے ایک دیگ میٹھے چاول کی پکا کر ایصال ثواب کی نیت سے تقسیم کرے اور اجازت لے کر یہ عمل اور ہمزاد والا کرے۔ اگر کوئی شخص فجر کے بعد اس کا وظیفہ پڑھنے کے لئے ٹائم نہ نکال سکے تو عشاء کے بعد پہلے ایصال ثواب بزرگان دین اور تمام مسلمانوں کو کر کے عمل پڑھا کرے اس طریقہ پر عمل کرنے والے کو پانچ ماہ مکمل مسخرات ہونا شروع ہوں گی۔

طریقہ عمل: بعد نماز عشاء 500 بار روزانہ

گرمی والا بخار دور کرنا:۔

عامل یہی آیت لکھ کر گلے میں ڈالنے کے لئے دے اور پلیٹ پر لکھ کر تین دن پینے کے لئے اور کلام پڑھ کر تمام مسلمان مردوں عورتوں کو ثواب پہنچائے اور شیرینی بچوں میں تقسیم کرے۔ یاد رکھیں جب مریض کی فضاء کے لئے دعا کریں تو بعد میں اس رسالہ کے شائع کرنے والوں اور جنتری کے شائع کرنے والوں کے لئے دعائے خیر کریں جن کے ذریعے آپ کو یہ عمل پہنچا ہے۔

(2) تسخیر ہمزاد کا بغیر پرہیز عمل:۔

رات عشاء کی نماز سے لے کر تہجد تک کوئی وقت مقرر کر کے دس ہزار بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ پڑھا کریں اپنے ہمزاد کا تصور کر کے جو شریعت نے حرام کیا ہے بچیں جو حلال کر دیا ہے استعمال کر سکتے ہیں، شاید اس سے آسان عمل مشکل آپ کو ملے گا، شادی شدہ لوگ عمل کی تعداد پوری کرنے کے بعد کچھ دیر عمل والی جگہ پر بیٹھے رہیں۔ خاموشی سے پھر اُٹھا کریں کسی کو پتہ نہ چلے آپ یہ پڑھائی کیا کرتے ہیں، سوائے اپنے اُستاد صاحب سے یا جس بزرگ سے اجازت لے کر پڑھنا شروع کیا ہے اس کو واقعات بتلا سکتے ہیں کچھ لوگ فون پر کہہ دیتے ہیں فلاں عمل کی اجازت دے دیں یہ غلط طریقہ ہے اگر آپ کو زیادہ مجبوری ہے تو پہلے صاحب عمل سے استخارہ یا حساب کرا لیں مَیں یہ عمل کرنا چاہتا ہوں اس کے لئے حساب کر دیں اور دُعا کریں مجھے اس کلام کا فیض نصیب ہو اور شرائط تسلی سے دو تین بار ملاقات میں پوچھ لیں۔ استاد یہ نہ سمجھیں یہ آدمی مطلب پرست ہے، اپنا کام نکالنا چاہتا ہے اگر آپ اپنی باتوں سے اجازت لے بھی لیں تو آپ کی چالاکی کسی کام نہیں آئے گی اگر آپ ہمیشہ رابطہ رکھیں گے تو آپ کو یہ معلومات ملتی رہیں گی اور آپ ناکام ہونے سے بچتے رہیں گے اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔ کچھ لوگ عملیات کو بچوں کا کھیل سمجھتے ہیں اپنے پر بڑا ناز کرتے ہیں جس کی وجہ سے ناکام رہتے ہیں، پھر شکوہ ناکامی کا کرتے ہیں اس لئے بتایا گیا ہے یہ عمل تین چلہ کریں، کمزور روحانیت والے چھ چلہ کریں لیکن اثرات پہلے چلہ ملنا شروع ہو جائیں گے، دن والے کام کا انجام رات کو سونے میں کوئی

چیز آکر بتلا جائے اِس کو فلاں مرض فلاں تکلیف ہے وغیرہ یہ چیزیں راز میں رکھیں۔ دوبارہ کہا جارہا ہے۔ اِس کو غیر مسلم بھی کر سکتے ہیں تا کہ ان کو پتہ چلے اللہ کے صفاتی نام میں کتنی قوت، طاقت ہے لیکن غیر مسلم پہلے غسل کریں پھر یہ عمل پڑھا کریں۔ لیکن پہلے ادارہ کے لئے دُعا کریں اور لکھنے والے کے لئے بھی دُعا کریں جن کے ذریعے آپ کو کسی منت سماجت کے بغیر عمل مل گیا اور خیرات لازمی کیا کریں۔ اللہ پاک آپ کو صدقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے کامیاب کرے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

نوٹ:۔ ادارہ سے اجازت حاصل کرنے کے لئے روحانی ماہنامہ تحفہ روحانیات کے آخری صفحہ پر دیا گیا کوپن اجازہ عمل ارسال کرنا ضروری ہے

کسی قسم کی جائز حاجت پوری کرنے والا عمل

عبارت عمل: یَا عَزِیْزُ عَزِّزْنِیْ فِیْ اَعْیُنِ النَّاسِ

ترکیب عمل: ۔فجر کی نماز کے بعد خوشبو جسم پر لگائیں اگر بتیاں چھ عدد سُلگائیں، روئی کی بتی بنا کر چراغ میں بتی رکھ کر چراغ کے دیئے میں چنبیلی کا تیل ڈال کر اپنے سامنے جلائے اور دو زانوں سامنے بیٹھ کر پہلے سات بار استغفار اپنے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے پڑھے اور دُعا کرے، پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور یہ عمل تین سو بہتر بار پڑھے۔ عمل کی پڑھائی کرنے کے بعد اپنے لئے دُعا کرے اِس طرح چودہ دن کرے، عمل عروج ماہ شروع کرے، عمل سے پہلے چودہ چھٹانک برفی پر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اَخلاص اور درود شریف پڑھ کر رسالت پناہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچا کر تمام مؤکلات کو ثواب کر بچوں، بڑوں میں تقسیم کرے یہ طریقہ ہر تیسرے دن بعد کیا کرے۔ لوگوں میں عزت، توقیر چاہتا ہو تو اِس کا نقش کسی عامل کامل جو اِس عبارت کا عامل ہو بنوایا جاسکتا ہے۔ مشک زعفران کی سیاہی سے نقش زود اثر ہوگا، شرف قمر یا شرف مشتری یا کسی مبارک دن بنوایا جاسکتا ہے۔

طلسم خاص اولاد نرینہ

ہر شادی شدہ فرد کی خواہش ہوتی ہے کہ اُسے جلد سے جلد اولاد نرینہ حاصل ہو لیکن عرصہ دراز تک یا تو اولاد نہیں ہوتی یا پھر اولاد نرینہ کی خواہش دل میں رہتی ہے جس کی وجہ سے ایسے خواہشمند حضرات کے ہاں بیٹیاں ہی بیٹیاں پیدا ہوتی رہتی ہیں یہ قانون قدرت ہے لیکن حکمت سے اپنی اس خواہش کو خاص طریقہ سے بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے پورا کیا جا سکتا ہے وہ لوگ جو کہ اب تک اولاد نرینہ سے محروم ہیں مجرب طلسم خاص برائے اولاد نرینہ کے ذریعے اپنی اس خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

ھدیہ 7200 روپے

بچہ راہ راست پر آئے

تحریر:۔ مولانا عامل غلام علی حسینی (لاہور)

والدین چاہتے ہیں کہ اُن کی اولاد لائق ہو اور اپنی تمام ذمے داریوں کو نبھائے۔ وہ چاہتے ہیں کہ اُن کی اولاد زندگی میں (Serious) ہو اور کسی لائق بنے مگر بہت سے والدین کا یہ خواب پورا نہیں ہوتا۔ آج کل کی نوجوان نسل ہر بات کو مذاق سمجھتی ہیں اور اعلیٰ ذہنی صلاحیتوں کو کارآمد اور مفید جگہ پر استعمال نہیں کرتے۔ اس عمل کے سبب آپ کسی مرد کو بھی ذمہ داری اور محنتی بنا سکتا ہیں اس مرد کے خیالات نہ مکمل نہیں ہو پائیں گے اور وہ کام محنت اور دیانت داری سے سرانجام دیں گے۔ دیئے گئے آبی نقش تعداد میں 21 تیار کریں اور اسے بلا ناغہ کسی چیز میں ڈال کر پلائیں۔ بادی نقش کو اس مرد کے کمرے میں رکھ دیں۔ ان شاءاللہ آپ بہت جلد اس کا اثر دیکھیں گے۔

آبی نقش

۴۴	۴۹	حٰمٓ
۵۱	والی	۴۳
ولی	۴۵	ن

طالب علم کا نام مع والدہ لکھیں

بادی نقش

۴۸	۴۹	۴۴
۴۳	والی	۵۱
۵۰	۴۵	۴۶

طالب علم کا نام مع والدہ لکھیں

کامیابی و کامرانی کیلئے

کامیابی کا مقصد ہر کسی کی خواہش کے ساتھ ساتھ اُس کی ضرورت بھی ہوتی ہے دوسرے سے آگے نکلنے کی دوڑ میں ہر کوئی سخت محنت اور کوشش کرتا ہے اور یہی خواہش کرتا ہے کہ اُسے کم وقت میں زیادہ جلدی کامیابی حاصل ہو مگر یہ ہر کسی کیلئے ممکن نہیں ہوتا۔ اسی خواہش کو پورا کرنے کیلئے ذیل کا نقش تیار کیا جارہا ہے۔ ان نقوش کو استعمال کرنے سے آپ کاروبار اور دوسرا متعلقہ معاملات میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ نقوش کی تیاری میں وقت اور ہدایت کا خاص خیال رکھیں۔ بادی نقش کو جمعرات کے دن کسی ہری بھری جگہ پر درخت پر باندھ دیں آبی نقش کو ندی کے پانی میں حل کر کے اکیس دن تک کام کرنے کی جگہ پر چھڑکاؤ کریں۔

آبی نقش

طسٓ	۷۵	۷۴
مذل	۷۳	۶۸
باسط	ع	۷۶

طالب علم کا نام مع والدہ لکھیں

بادی نقش

۶۹	۷۵	۷۴
۷۷	۷۳	۶۸
۷۲	۷۰	۷۶

طالب علم کا نام مع والدہ لکھیں

کام کی مدت معلوم کرنے کا طریقہ

تحریر:۔
مصدق قریشی
(ایبٹ آباد)

• قارئین تحفہ روحانیات !عرصہ دراز سے تحفہ روحانیات کیلئے اپنے مجربات پیش کررہا ہوں جتنی محبت مجھے تحفہ روحانیات کے قاری حضرات نے دی اتنی شاید کسی اور ماہنامہ سے نہ ملی ہو۔ یہی وجہ ہے کہ میں اپنے سینے کے راز تحفہ روحانیات کے قاری حضرات کیلئے پیش کرتا رہتا ہوں اس بار میں کسی بھی کام کی مدت معلوم کرنے کیلئے ایک نایاب مضمون کے ساتھ حاضر ہوں۔

دنیا بھر کے سوالوں کا ایک ہی اصول ہے، کسی بھی کام، بیماری، صحت یا کسی اَور اَمر کی مدت معلوم کرنا مقصود ہو تو سائل کے نام کا مدخل کبیر حاصل کریں۔

سوال یا سائل کے مدخل کبیر ستارہ کے عدد مقررہ سے ضرب دیں۔ حاصل ضرب کو اکسٹھ (61) پر تقسیم کریں۔ جو خارج قسمت ہو وہ عدد مدت کے ہیں۔ وہی معیار اَور مدت ہوگئی۔

اب اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ یہ میعاد دنوں، مہینوں یا سالوں کی تو پھر اِس خارج قسمت کو سات (7) پر تقسیم کریں۔ باقی کے عدد کو شمس سے شروع کریں۔ شمس، قمر، زحل، عطارد، مشتری، زہرہ، مریخ، اگر عدد باقی کا شمار شمس یا زحل پر ختم ہو تو اتنی میعاد دنوں کی ہے۔ اگر زہرہ، قمر پر تعداد ختم ہو تو اتنے ہی پندرہ دن شمار کریں۔ اگر مشتری پر تعداد ختم ہو تو اِتنے مہینے، اگر عطارد پر تعداد ختم ہو تو اتنی ششماہیاں اگر مریخ پر تعداد ختم ہو تو اِتنے سال تصور کریں۔

نام سیارگان اور اعداد مقررہ

شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	مریخ
۵	۲۱	۱۳	۹	۸	۳	۱۱

مثلاً مدخلی کبیر ۷۵ ہے اور جس وقت ہم سوال حل کررہے ہیں اِس وقت ساعت قمر کی ہے۔ ۷۵×۳۱=۲۳۲۵÷۶۱ خارج قسمت ۲۷ ہے۔ لہٰذا ۲۷ کا عدد مدت کا ہے۔ اب یہ دیکھنا ہے کہ ۲۷ دن ہیں ماہ ہیں یا سال ہے، ہفتے میں ششماہیاں ہیں۔ ۲÷۷ باقی ۶ بچے، شمس سے گنا۔

شمس	قمر	عطارد	مریخ	مشتری	زہرہ
1	2	4	3	5	6

لہٰذا زہرہ پر گنتی ختم ہوئی، گویا اس کا مطلب ہے۔ گویا ۲۷ پندرھواڑے ہیں۔ ایک سال کا 1½ ماہ کی مدت نکلی ہے۔

یوم پیدائش معلوم کرنے کا طریقہ

نام سائل معہ والدہ کے اعداد کے حروف سادہ کا مدخل کبیر حاصل کریں۔ اس میزان کو ۴ میں ضرب دیں۔ حاصل ضرب کو ایک جگہ پر لکھ دیں۔

بعد حروف اشاریہ مدخل کبیر حاصل کریں اور سابقہ حاصل ضرب میں جمع کریں۔ اِس میزان سے جنم پتری بن سکتی ہے۔ میزان کو 108 پر تقسیم کردیں۔ جو باقی رہے اِتنے سال عمر ہے۔ اِتنے سال موجودہ سن سے پیچھے گئیں۔ وہی سال پیدائش کا ہوگا۔ مدخل کبیر کو 12 پر تقسیم کریں۔ جو باقی عدد بچے وہ مارچ سے شروع کریں۔ جس مہینے پر گنتی ختم ہو وہ ماہ پیدائش کا ہے۔ مدخل کبیر کو 31 پر تقسیم کریں۔ باقی جو بچے وہی تاریخ ہوگی۔

یہ قاعدہ میرا مجرب تو نہیں مگر ماہرین علم اعداد نے اِسے صحیح کہا ہے۔

زائچہ علم البرقل سے جواب اخذ کرنا

اگر آپ کو زائچہ بنانا آتا ہے تو یہ قاعدہ سمجھنے میں آسانی دے گا۔ اگر زائچہ بنانا ہی نہیں آتا۔ تو سیکھنے کی کوشش کریں۔ تاکہ حکم لگانے میں کسی قسم کا اضافہ نہ کرنا پڑے۔

(۱) زائچہ میں صرف فرد (نقاط) کی گنتی کریں۔ اور تین پر تقسیم کردیں۔ اگر ایک بچے تو کامیابی ہے اگر 2 بچے تو تساہل اور سستی آپ کی طرف سے ہے۔ کامیاب ہو سکتے ہیں سر توڑ کوشش جاری رکھیں۔ اگر تین بچے تو واضح شکست و ناکامی بالکل بدنامی ہے۔

(۲) نقاط بادی و آتشی کو گنیں۔ آبی و خاکی کو گنیں۔ آتشی و بادی کی کثرت سے کامیابی، آبی و خاکی سے ناکامی۔

(۳) زائچہ کی شکل ۴ کو شکل ۱۲ سے شکست دیں۔ اور شکل مستحصلہ کو شکل ۶ اور ۸ سے ضرب دے کر نتیجہ لیں۔ اگر شکل سعد خارج ہے تو کامیابی

کی اُمید ہے۔ زاخل کے لئے کامیابی مگر دیر سے۔ کوشش کی اشد ضرورت ہے۔ نحس کے عالم واضح ناکامی نظر آرہی ہے۔ دو مثالیں ذیل ہے:

محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب نے کہا میں امتحان ایم اے 2017ء میں کامیاب ہوجاؤں گا۔ قرعہ پھینکوایا یہ شکلیں برآمد ہوئیں:



(۱) کل نقاط شمارگی کی تو ۳۴ نقاط ملے۔ تین پر تقسیم کیا۔ ایک بچہ کامیاب ہوجانے کا زیادہ خیال غالب ہے۔

(۲) نقاط آتشی بادی ۱۸ ہیں۔ آبی خاکی ۱۶۔ اسے یہ حکم لگایا گیا، سائل کامیاب ہوجائے گا۔

(۳) شکل چہارم کو شکل بارہ سے ضرب دی تو شکل برآمد ہوئی۔

(۴) شکل ششم کو شکل ہفتم سے ضرب دی تو شکل پیچان برآمد ہوئی۔

اشکال مستحصلہ شکل سعد داخل برآمد ہوئی۔

اس لئے تینوں طریقوں سے عقدہ کھلا کہ محمد ایاز مزمل کامیابی حاصل تو کرلے گا مگر محنت لازمی جزو بننا چاہئے۔

تسخیر ہمزاد کا آسان عمل

اس وقت تسخیر ہمزاد کا آسان اور مجرب المجرب عمل پیش کرتا ہوں، ہر قسم کے پرہیز سے بالاتر ہے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ جنگلوں۔ دریاؤں، قبرستانوں کی بجائے آپ اپنے مکان کی تنہائی میں پڑھ سکتے ہیں۔ جس طرح حب وبغض اور حل المقاصد کے مختلف نوعیت کے اعمال ہوتے ہیں۔ اس طرح تسخیر ہمزاد کا عمل بھی مختلف علوم کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ مثلاً عطائے جفر علم جفر کے ذریعے تسخیر ہمزاد کی جاتی ہے۔ نوری عملیات والے کام مجیدی آیات سے اس کی تسخیر کرتے ہیں۔ جو لوگ مسمری زم اور توجہ کے ماہر عامل وہ تصور کی قوت سے اس کو تسخیر کرتے ہیں اور بعض بخورات کے ذریعے تسخیر کرتے ہیں۔ بعض بخورات اس قدر طاقت ور ہوتے ہیں کہ بغیر پڑھائی اور عمل کے چند منٹوں میں جنات و مؤکلات کو کھینچ لیتے ہیں۔ بندہ اس وقت جناب صفدر عباس صاحب کا عمل تسخیر ہمزاد پیش کررہا ہے۔ بندہ ناچیز اس عمل کو 1982ء میں کیا تھا۔ مگر ایک چھوٹی سی غلطی کی وجہ سے عمل ہاتھ سے نکل گیا۔ مگر یہ خاصیت پیدا کرگیا کہ سچے خواب آنے شروع ہوگئے جو آج تک آتے ہیں اور سچے ہوجاتے ہیں۔ باقی چند باتیں گوش گذار کرنا چاہتا ہوں کہ بواسیر والے یا ذہنی مریض مرگی والے یا جن کا کوئی اعضاء کٹا ہوا ہو نظر کی کمزوری والے دماغی کمزوری والے اس عمل کو نہ کریں۔ اگر آپ اسے کسی کی زیر سرپرستی یہ عمل کریں تو بہتر ہے۔ ماہر روحانیات محمد ایاز مزمل حسین شاہ صاحب آپ کی اس سلسلہ میں صحیح رہنمائی کرسکتے ہیں۔

ترکیب عمل :۔ عروج ماہ میں ایک تنہا کمرے میں قبلہ رُخ ہو کر یعنی کہ منہ اس طرف کرکے عمل شروع کرنا ہے۔ غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک (یعنی کہ پوری رات) اس عمل کا وقت ہے۔ ایک وقت مقرر کرلیں۔ اور روزانہ اسی وقت مقررہ پر اس عمل کو شروع کریں۔ ایک چراغ میں تیل ڈال کر اپنی پشت پر رکھ کر اپنے سایہ کی گردن پر نظر جما کر اپنا نام اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ مثال ملاحظہ کریں۔

نام: محمد ایاز مزمل۔ اعداد 219

اب ترکیب یہ ہے کہ جناب محمد ایاز مزمل صاحب یا جس شخص کا نام محمد ایاز مزمل صاحب اپنے نام ''محمد ایاز مزمل'' کو 219 بار روزانہ پڑھیں۔ پڑھتے وقت ایک روٹی پر ذرا سا گھی اور شکر رکھ کر اپنے سامنے رکھ لیا کریں۔ بعد ختم عمل اس روٹی پر دم کرکے ایسی راہ میں رکھ دیا کریں۔ جو شارع عام نہ ہو اور رکھتے وقت آہستہ سے کہہ دیا کرے۔ لو ہمزاد یہ تم کھالو۔ یہ عمل 22 دن تک کرو۔ 23 ویں دن عمل بند کردو۔ اگر خواب یا بذریعہ تحریر کوئی کہے آج روٹی کیوں نہ بھیجی یا انسانی شکل میں آکر کوئی شکایت کرے تو سمجھ لو کہ یہ ہمزاد ہے اسے صرف یہ کہہ دو روٹی اب برابر پہنچتی رہے گی۔ اگر بذریعہ خواب تحریر یا انسانی شکل میں آکر کوئی اس قسم کی شکایت کرے تو سمجھ لو کہ عمل کارگر ہوگیا اور اب 24 ویں دن سے عمل شروع کردو اور تین ماہ کے اندر اندر ہمزاد سامنے آکر اطاعت کرے گا۔

میں نے اپنی طرف سے عمل سمجھانے کی پوری کوشش کی پھر بھی جو صاحب بات پوچھنا چاہتا ہے تو جناب محمد ایاز مزمل صاحب سے مزید رہنمائی اور اجازت بذریعہ کوپن اجازہ عمل جو کہ اس ماہنامہ کے آخری صفحہ پر شائع ہے۔

کرامات و برکات اسم الٰہی

تحریر:۔ سید شبیہہ الحسنین رضوی کاشانہ الحسینی (کراچی)

اسم اللہ کے معنی مستحق عبادت کے ہیں۔ یہ ذات تمام کمالات وصفات کی جامع ہے۔ استحقاق کی حیثیت سے لائق پرستش ہے۔ جس وقت یا اللہ کہا جاتا ہے تو تمام اسماے الحسنیٰ پر محیط ہوتا ہے کیونکہ یہ اسم ذات ہے، باقی صفات ہیں۔، جہاں ذات ہوتی ہے۔ وہاں صفات خود بخود آجاتی ہے اور یہ اسم الٰہ سے ماخوذ ہے عبادت اور تعبد کے معنی ہیں۔ اصل الہ کا لاہ جو مشتمل ہے تین معنوں پر اول معنی ہیں مسخر کرنا ہے دوسرا معنی مشتاق ہونا اور اصل یا لفظ لاہ تھا اور حرف تالیف کے متص ہونے کی وجہ سے لفظ اللہ ہوا اور اس مقدس نام کو خذف کر دیا جائے تو بھی اس کا معنی باقرار رہتا ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کے یہ مشہور ترین اسم ہے تیسری وجہ یہ ہے کہ اسماء پر مقدم ہے۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ کلمہ توحید اور کلمہ شہادت اس کے ساتھ مختص ہے۔ غیر کی نفی اور اثبات الوہیت پر مخصوص ہے۔ پانچویں وجہ یہ ہے کہ تمام اسماء الحسنیٰ سے زیادہ قرآن مجید میں مذکور ہے۔ کیونکہ اس کا ذکر دو ہزار آٹھ سو سات جگہ پر موجود ہے چھٹی وجہ عدد اللہ اسم مبارک کا اثر زبانوں میں ۶۶ ہے۔

علماء نے بیان کیا ہے کہ چاشت کے وقت عصر کے بعد اور سحری کے وقت۔ اس اسم اعظم کو چھیاسٹھ بار پڑھنے سے ہر حاجت روائی ہوتی ہے دیگر اگر اس اسم اعظم کو درج بالا اوقات میں ہزار بار پڑھے یا روزانہ کا تین ہزار ہو تو ذاکر صاحب توفیق ہو

دیگر اگر ایک سو دفعہ ہر وقت ان تمام اوقات میں پڑھے۔ صاحب کشف ہو اور باطن کی کشادگی نصیب ہو۔

اس اسم کے عدد کبیر چھیاسٹھ اور متواسط ۱۶ اور صغیر تین ہیں بندہ پر لازم ہے کہ تمام حاجت کا مشکل کشا ذات کبریا کو جانے اور اسی سے مانگے۔

اسم واحد:۔ اس اسم کے تین معنی ہیں اول یکتا و منفرد بالذات یعنی جس کے اجزاء نہ ہوں، دوسرا جس کا کوئی مثل یا ثانی نہیں۔ تمام صفات اور اختیارات میں یکتا ہے تیسرا حضرت جواد فرماتے ہیں کہ واحد سے مراد وحدانیت ہے تمام کائنات جس کو اپنا خالق تسلیم کرے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں ہے **ولئن سئلتهم من خلقهمه ليقولن الله** اور اسکی مداومت سے بیمار کو شفا نصیب ہو، مسافر کو رہ پر خطر میں امن ملے ، حکام کے لئے قدرت کا انعام ہے، جب عامل اس کا ذکر کرتا ہے تو اس کی وحدانیت کے جلوے اسے اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں عدد کبیر ۱۹ ہیں عدد وسط اور صغیر ایک ہے

اسم احد:۔ احد بمعنی منفرد بالذات والمعنی ہے اور یہ عدد ضربی میں داخل نہیں ہوتا ہر وقت اس اسم کا ذکر کرتے رہنے سے تجرد نصیب ہوتی ہے

ہزار بار خلوت میں پڑھنے سے جماعت متوکلات ہر وقت عامل کے ساتھ ہوتی ہے جسے خلوت میں خوف محسوس ہو تو ایک ہزار بار یا واحد الاحد پڑھے تا کہ وحشت ختم ہو

اگر نرینہ اولاد کا طالب ہو تو یا واحد الاحد لکھ کر اپنے پاس رکھے بفضلہٖ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اس کی عدد کبیر ۱۳ ہیں اور عدد صغیر ۴ ہیں بندے پر لازم ہے کہ اس ذات واحد الاحد کی بندگی و عبادت میں ایسا لگے کہ دنیا سے کٹ جائے اور اکیلا ہو جائے جیسے وہ اپنی ذات وصفات میں اکیلا ہے

اسم صمد:۔ صمد کے معنی بے پرواہ جو کسی کا محتاج نہیں اور حق تعالیٰ کی ذات پر تین طرح سے اس کا اطلاق ہوتا ہے اول سیّد اور برتر کے معنی میں استعمال ہوتا ہے دوسرا قصد کرنے کے معنی ہیں قضائے حوائج اور جملہ امور کی تکمیل میں جیسے مثل مشہور ہو صمدت هذا الامر یعنی میں نے اس کام کا ارادہ کیا تیسرا معنی وہ ذات جو سب کائنات سے جدا گانہ ہو اس لئے ارشاد باری تعالیٰ ہے **لَيسَ كَمِثلِهٖ شَئیٌ**

اگر کوئی آدھی رات کے بعد دو نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں ایک سو پندرہ دفعہ **یا صمد** پڑھے تو دشمن کے پنجہ میں گرفتار نہیں ہوگا اور اگر وضو کرتے وقت یا صمد پڑھے تو مخلوق سے بے نیاز ہوگا۔

عامل کو لازم ہے کہ اکل حلال اور صدقہ مقال اور ہر حاجت میں اللہ کی طرف رجوع تا کہ مخلوق سے بے نیاز رہے۔

یا صمد کے ذاکر پر مداومت کرنے والا فاقہ کی تکلیف سے محفوظ رہے اور رزق کی وسعت نصیب ہو اس کے عدد کبیر ۳۴ اور عدد اوسط ۱۷ اور عدد صغیر ۸ ہے۔

الاول کا معنی سب پر سبقت لے جانے والا اور دوسرا معنی تخلیق

کائنات کی ابتداء کرنے والا۔ کسی کام کی ابتداء اور انتہا میں اس اسم کا ورد نہایت موثر ہے اس کا عدد کبیر ۱۰ اور صغیر ایک ہے اور اسم مبدء کے ہم معنی ہیں۔

اگر حاملہ عورت کا حمل ساقط ہونے والا ہو تو اسکے پیٹ پر کلمہ والی انگلی رکھ کر ۵۶ دفعہ پڑھے تو حمل ساقط نہ ہوگا اس کے عدد کبیر ۵۶ اور عدد اوسط ۱۱ اور عدد صغیر ۲ اور اسم معبد کا عدد کبیر ۱۲۴ اور عدد اوسط ۱۶ اور صغیر ۷ ہیں۔

اولاد نرینہ نہ ہو تو چالیس دن تک اسم ہذا کا ورد کرے مراد پوری ہوگی۔

جس کی کوئی حاجت ہو چالیس دن تک ایک ہزار مرتبہ اسم ہذا کو پڑھا کرے اس کی مراد پوری ہوگی۔

